DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

مورخہ 06.12.2025

| نمبر شمار | اہم قومی ومقامی خبریں | اخبارات |
|---|---|---|
| 01 | قابل، فرض شناس افراد کی حوصلہ افزائی ضروری ہے، گورنر مندوخیل۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 02 | وزیراعلیٰ بگٹی کی زیر صدارت صوبائی کابینہ کا اجلاس بینک آف بلوچستان کے قیام سمیت عوامی بہبود سے متعلق اہم فیصلے۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 03 | فیلڈ مارشل کی تقرری قومی سلامتی کے لیے ناگزیر تھی، میر علی حسن زہری۔ | انتخاب ودیگر اخبارات |
| 04 | فیلڈ مارشل کی تقرری ملکی سلامتی کے تقاضوں کے عین مطابق ہے، سلیم کھوسہ۔ | مشرق ودیگر اخبارات |
| 05 | قوم کو اپنی مسلح افواج اور ان کی قیادت پر اعتماد ہے، نور محمد دمڑ۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 06 | فیلڈ مارشل کو مناسب سنبھالنے پر مبارکباد پیش کرتے ہیں، علی مردان ڈومکی۔ | مشرق ودیگر اخبارات |
| 07 | فیلڈ مارشل کی تعیناتی پاکستان کے دفاعی نظام میں اہم قدم ہے، سردار کھیتران۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 08 | فیلڈ مارشل کی تعیناتی کا فیصلہ مسلح افواج کی قابلیت کا مظہر ہے، عاصم کرد گیلو۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 09 | فیلڈ مارشل کی تعیناتی پاکستان کے لیے مثبت سمت کی عکاسی ہے، شعیب نوشیروانی۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 10 | سید عاصم منیر کو سی ڈی ایف بنانے کا فیصلہ خوش آئند ہے، ولی نورزئی۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 11 | فیلڈ مارشل کی تعیناتی خوش آئند ہے، بخت محمد کاکڑ۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 12 | پیپلز پارٹی بلدیاتی انتخابات میں بھرپور کامیابی حاصل کرے گی، میر لیاقت لہڑی۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 13 | ماحولیاتی آلودگی چیلنج پانی کے ذخائر کم ہورہے ہیں، نسیم الرحمٰن ملاخیل۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 14 | فیلڈ مارشل کی بطور سی ڈی ایف تعیناتی ملکی دفاع کے لیے انتہائی اہم ہے، امیر حمزہ زہری۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 15 | محکمہ صنعت وتجارت بلوچستان نے مائنز اینڈ منرلز کو انڈسٹری کا درجہ دے دیا۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 16 | مچھ جیل میں جلائی گئی کپڑا فیکٹری دوبارہ بحال کرنے کا فیصلہ۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 17 | فیلڈ مارشل عاصم منیر کی تقرری سے مسلح افواج کے درمیان ہم آہنگی فروغ پائے گی، صباء خان کاکڑ۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 18 | ڈی آئی جی بلوچستان اشفاق عالم تبدیل اسٹیبلشمنٹ ڈویژن رپورٹ کی ہدایت۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 19 | پنجگور بجلی کے مسائل ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر کی صدارت میں اجلاس۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 20 | وڈیرہ نور علی چکرانی نے اپنے 100 ساتھیوں کے ہمراہ ہتھیار ڈال دیے پاکستان سے وفاداری کا حلف۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 21 | فیلڈ مارشل نے ہمیشہ ملک کی سلامتی اور وقار کو ترجیح دی صادق عمرانی، علی مدد جتک۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 22 | حکومت شہریوں کو اداروں کی طاقت وغیر ضروری اقدامات سے محفوظ رکھے، نواب رئیسانی۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 23 | سیاسی پارٹیوں نے قومی معاملات پر سمجھوتہ کرکے سرزمین کی توہین کی، لشکری رئیسانی۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 24 | محکمہ فشریز پسنی سے ایم ڈی غائب ساحل غیر محفوظ ہے، مولانا ہدایت الرحمٰن۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 25 | پاک فوج نے دشمن کی ہر جارحیت کو ناکام بنایا، جمال رئیسانی | جنگ ودیگر اخبارات |

CamScanner

**DIRECTORATE**
**GENERAL PUBLIC RELATIONS**
**BALOCHISTAN**

**نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ**
**حکومت بلوچستان**

## امن وامان:

سوئی قبائلی رہنما کے قافلے پر حملہ فائرنگ سے دو افراد ہلاک، جھل مگسی 7 افراد اغواء بازیابی کے لیے پولیس کی ناکہ بندی، غیر قانونی طور پر ایران جانے کی کوشش پر 26 افراد گرفتار، خضدار رکشے سے منشیات برآمد ہونے پر ملزم گرفتار۔

**مورخہ** 06.12.2025

## اداریہ :

روزنامہ میزان کوئٹہ نے "**پوست کی کاشت سنگین جرم !** " کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے کہ یہ بات حقیقت پر مبنی ہے کہ منشیات انسان کی زندگی ختم کرنے میں اہم کردار ادا کرتی ہے جو بھی شخص اس ناروا کام میں شامل ہوگا اس کی زندگی کا خاتمہ جلد ہو جائے گا۔ نہ صرف وہ مرے گا بلکہ اس کی فیملی بھی تباہ ہو جائیگی کیونکہ یہ ایک خطرناک ناسور ہے۔ منشیات کے عادی افراد کا معاشرے میں کوئی مقام نہیں ہوتا اس طرح اس کے خاندان کو بھی حقارت کی نظر سے دیکھا جاتا ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ پوری فیملی مشکلات کا شکار ہو جاتی ہے کیونکہ نشے کے عادی افراد کا صرف نشہ کرنے کے علاوہ اور کوئی مقصد نہیں ہوتا اور وہ نشہ کر کے سب کچھ بھول جاتی ہے جو اس کی تباہی کا سبب بنتا ہے۔ گذشتہ روز چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان نے پوست کی کاشت کی روک تھام کے حوالے سے اپنی زیر صدارت منعقد ہونے والے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے واضح کیا کہ پوست کی کاشت ایک سنگین جرم ہے۔ حکومت صوبے میں پوست کی کاشت کو تلف کرنے کے لیے سنجیدہ اقدامات کر رہی ہے۔ صوبائی حکومت نے 3700 ایکڑ سے زائد رقبے پر پوست کی فصلیں تلف کی ہیں جو گذشتہ سال سے کہیں زیادہ ہے۔ پوست کی کاشت پاکستان کے لیے بین الاقوامی سطح پر رکاوٹ پیدا کر سکتی ہے اس کی روک تھام کے لیے مزید جامع اقدامات کرنے کی ضرورت ہے۔ اس لعنت کو جڑ سے اکھاڑنے کے لیے ضلعی انتظامیہ، ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن اور انسداد منشیات فورس کو مزید سخت اور مربوط اقدامات اٹھانے ہوں گے۔

## اداریے :

روزنامہ بلوچستان ٹائمز کوئٹہ نے Action against poppy cultivation کوئٹہ نے "" کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔

روزنامہ مشرق کوئٹہ نے **قومی مالیاتی کمیشن وسائل کی تقسیم اور بلوچستان کا موقف** کوئٹہ نے "" کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔

روزنامہ آزادی کوئٹہ نے **این ایف سی ایوارڈ صوبوں کو جائز فنڈز کی فراہمی وفاق کی ذمہ داری** "" کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔

روزنامہ قدرت کوئٹہ نے **دہشتگرد دنیا کے کسی بھی ملک میں قانون کی گرفت سے فرار نہ ہوسکیں گے** "" کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔

## مضامین:

روزنامہ آزادی کوئٹہ نے **بلوچستان میں زمین کے حصول کے قانون** 1984 "" کے عنوان سے وحید خان کاکڑ نے مضمون تحریر کیا ہے۔

**برائے ڈائریکٹر جنرل**
**نظامت تعلقات عامہ بلوچستان**

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 1 Dated: 06 DEC 2025 Page No. 1


## قابل، فرض شناس افراد کی حوصلہ افزائی ضروری ہے، گورنر مندوخیل

### اچھے ادارے لوگوں کے مثبت رویئے بناتے ہیں، مختلف وفود سے بات چیت

کوئٹہ (خ ن) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا کہ کسی ادارے کا سربراہ محض ایک رہنما نہیں ہوتا بلکہ وہ پورے ادارے کا جوہر (Essence) ہوتا ہے۔ ان کے وژن، قائدانہ انداز اور فیصلہ سازی کے نچلی سطح تک سب پر دوررس اثرات مرتب ہوتے ہیں۔ اسطرح ایک متحرک رہنما ہی ایک ماہر معمار بھی ہوتا ہے جو مسلسل اپنی ٹیم ممبران کو عظمت حاصل کرنے کی ترغیب اور تحریک دیتا ہے جس کے نتیجے میں ادارے معیار اور مقدار کے حوالے سے مزید ترقی کرتے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے گورنر ہاؤس میں مختلف وفود سے بات چیت کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا کہ اچھے ادارے ہی لوگوں کے مثبت اور تعمیری رویئے بناتے ہیں، ہر ادارے میں قابل، فرض شناس اور پرعزم افراد بھی موجود ہوتے ہیں جن کو پہچان کر کے ان کی حوصلہ افزائی اور عزت افزائی کی اشد ضرورت ہے۔ آخر میں ژوب سے وفاقی لیویز پر مشتمل ایک وفد نے علیحدہ ملاقات کی، وفد نے اپنے درپیش مسائل و مشکلات سے آگاہ کیا، گورنر نے ان کے مسائل کو غور اور توجہ سے سنا اور ان کے حل کیلئے اپنے ہر ممکن تعاون کی یقین دہانی کرائی۔


MASHRIQ QUETTA


## قابل اور فرض شناس افسران کی حوصلہ افزائی ناگزیر ہے، گورنر بلوچستان

افسران کے ترقی پسند وژن، قائدانہ صلاحیتوں اور فیصلہ سازی کے عمل کا اثر اوپر سے لیکر نچلی سطح تک سب پر مرتب ہوتا ہے

### ٹیم ورک، مسلسل کام میں بہتری کی ترغیب اور مثبت و تعمیری رویے ہی معاشرے میں بہتری لا سکتے ہیں، جعفر خان مندوخیل

کوئٹہ (این این آئی) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا کہ کسی ادارے کا سربراہ محض ایک رہنما نہیں ہوتا بلکہ وہ پورے ادارے کا جوہر ہوتا ہے۔ ان کے وژن، قائدانہ انداز اور فیصلہ سازی کے عمل کا اثر اوپر سے لیکر نچلی سطح تک سب پر مرتب ہوتا ہے۔ اسطرح ایک متحرک رہنما ہی ایک ماہر معمار بھی ہوتا......

بقیہ 25 صفحہ نمبر 7 پر

ہے جو مسلسل اپنی ٹیم ارکان کو عظمت حاصل کرنے کی ترغیب اور تحریک دیتا ہے جس کے نتیجے میں ادارے مزید ترقی کرتے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے گورنر ہاؤس میں مختلف وفود سے بات چیت کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا کہ اچھے ادارے ہی لوگوں کے مثبت اور تعمیری رویے بناتے ہیں ہر ادارے میں قابل، فرض شناس اور پرعزم افراد بھی موجود ہوتے ہیں جن کو پہچان کر ان کی حوصلہ افزائی اور عزت افزائی کی اشد ضرورت ہے۔ آخر میں ژوب سے وفاقی لیویز کے وفد نے ان سے علیحدہ ملاقات کی وفد نے گورنر بلوچستان کو اپنے درپیش مسائل و مشکلات سے آگاہ کیا گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے ان کے مسائل کو غور اور توجہ سے سنا اور ان کے حل کیلئے ہر ممکن تعاون کی یقین دہانی کرائی۔

CamScanner

THE DAILY JANG QUETTA

روزنامہ جنگ کوئٹہ

بانی میر خلیل الرحمٰن

جلد 54 ہفتہ، 14 جمادی الثانی 1447ھ 6 دسمبر 2025ء نمبر 334


وزیراعلیٰ بگٹی کی زیر صدارت صوبائی کابینہ کا اجلاس

# بینک آف بلوچستان کے قیام سمیت عوامی بہبود سے متعلق اہم فیصلے

موسمیاتی تبدیلی، شہری سفری سہولیات، مالیاتی اصلاحات، انتظامی ڈھانچے کی بہتری، تعلیم اور ماحولیات بھی شامل، فیلڈ مارشل جنرل عاصم منیر کو "سی ڈی ایف" کی ذمہ داریاں سنبھالنے پر مبارکباد پیش

صوبے میں پہلا کلائمیٹ فنڈ قائم کر دیا، بینک آف بلوچستان کو ہر قسم کے سیاسی دباؤ اور مصلحتوں سے پاک رکھا جائیگا، وزیراعلیٰ، پی ایس ڈی پی سے متعلق اجلاس میں ترقیاتی منصوبوں پر پیشرفت کا جائزہ

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی زیر صدارت صوبائی کابینہ کا بیسواں اجلاس جمعہ کو چیف منسٹر سیکرٹریٹ میں منعقد ہوا جس میں موسمیاتی تبدیلی، شہری سفری سہولیات، مالیاتی اصلاحات، بنک آف بلوچستان کے قیام، انتظامی ڈھانچے کی بہتری، تعلیم، ماحولیات اور عوامی فلاح و بہبود سے متعلق اہم فیصلوں کی منظوری دی گئی۔ اجلاس کے آغاز پر چیف آف ڈیفنس فورسز فیلڈ مارشل جنرل عاصم منیر کو "سی ڈی ایف" کی ذمہ داریاں سنبھالنے پر مبارکباد پیش کرتے ہوئے وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بھارتی جارحیت کے دوران جنرل عاصم منیر کی مدبرانہ قیادت اور دفاعی حکمت عملی نے عالمی سطح پر پاکستان کے وقار میں نمایاں اضافہ کیا جبکہ پاک افواج ہر طرح کے چیلنجز سے نمٹنے کی غیر معمولی صلاحیت رکھتی ہیں اور بلوچستان کے عوام ہمیشہ اپنی بہادر افواج کے شانہ بشانہ کھڑے رہیں گے اجلاس میں شہری سفری سہولیات کے حوالے سے گرین بس سروس کے مزید روٹس اور اضافی بسوں کی منظوری دی گئی جبکہ وزیراعلیٰ نے بتایا کہ بلوچستان کی تاریخ میں پہلی بار خواتین کے لیے "پنک بس سروس" کا آغاز کیا جارہا ہے جو خواتین کے محفوظ اور باوقار سفر کی جانب ایک اہم عملی قدم ہے موسمیاتی تبدیلی کو ایک بڑا چیلنج قرار دیتے ہوئے میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ صوبے میں پہلا کلائمیٹ فنڈ قائم کر دیا گیا ہے جس کے تحت ماحول دوست پالیسیوں اور موسمیاتی لچک پر مبنی منصوبوں کو منظم کیا جائے گا کابینہ نے ماحولیاتی آلودگی کم کرنے کے لیے رکشوں اور موٹر بائیکس پر مرحلہ وار پابندی عائد کرنے اور صوبے میں الیکٹرک بائیکس اور الیکٹرک رکشہ متعارف کرانے پر اتفاق کیا مالیاتی شعبے میں اہم پیش رفت کے طور پر صوبائی کابینہ نے "بنک آف بلوچستان" کے قیام کی اصولی منظوری دی جس کے بارے میں وزیراعلیٰ نے ہدایت کی کہ آئندہ سال تک اس بنک کو عملی شکل دی جائے اور اس کا انتظامی بورڈ مکمل شفافیت اور سو فیصد میرٹ کی بنیاد پر قائم کیا جائے انہوں نے واضح طور پر ہدایت کی کہ بنک آف بلوچستان کو ہر قسم کے سیاسی دباؤ اور مصلحتوں سے مکمل طور پر پاک رکھا جائے گا اجلاس میں بلوچستان انوائرمنٹل پروٹیکشن ٹریبونل کے چیئرپرسن کی تقرری کی توثیق سمیت برتھ اینڈ ڈیتھ رجسٹریشن ماڈل بائی لاز 2022 اور اقلیتی "بہائی" کمیونٹی کے لیے اسپیشل میرج ایکٹ کی منظوری بھی دی گئی کابینہ نے صوبے میں قانونی سہولت کاری کو مؤثر بنانے کے لیے فیصلہ کیا کہ ڈویژنل کمشنرز، ڈپٹی کمشنرز، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنرز اور اسسٹنٹ کمشنرز کو جسٹس آف پیس کے اختیارات تفویض کیے جائیں گے کابینہ کو بتایا گیا کہ جسٹس آف دی پیس پولیس کو قابل دست اندازی معاملات میں ایف آئی آر درج کرنے کی ہدایت دے سکے گا ہراسانی کی شکایات کا فوری ازالہ کرے گا اور قانونی پیچیدگیوں سے پیدا ہونے والی تاخیر کو کم کرنے کے لیے ایک فعال فورم کے طور پر کام کرے گا۔

## کوئٹہ بی آر ٹی پر پیش رفت، حکومت بلوچستان اور ایشیائی بینک میں معاہدہ

بس ریپڈ ٹرانزٹ کی فزیبلٹی اسٹڈی کیلئے فنانسنگ کی جائیگی، اقتصادی امور ڈویژن میں تقریب

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے وژن کے تحت صوبے میں جدید، محفوظ اور معیاری ٹرانسپورٹ نظام کے قیام کے لیے حکومت بلوچستان سنجیدہ اقدامات کر رہی ہے۔ اسی سلسلے میں محکمہ ٹرانسپورٹ حکومت بلوچستان کی جانب سے کوئٹہ بس ریپڈ ٹرانزٹ (BRT) منصوبے پر عملی پیش رفت جاری ہے، اسلام آباد میں اقتصادی امور ڈویژن میں اس حوالے سے ایک اہم تقریب منعقد ہوئی جس میں محکمہ ٹرانسپورٹ حکومت بلوچستان اور ایشیائی ترقیاتی بینک کے درمیان بی آر ٹی کوئٹہ سے متعلق معاہدے پر دستخط کیے گئے۔ تقریب میں سیکریٹری محکمہ ٹرانسپورٹ حیات کاکڑ نے حکومت بلوچستان کی نمائندگی کرتے ہوئے ایشیائی ترقیاتی بینک کے ساتھ کوئٹہ بس ریپڈ ٹرانزٹ کی فیزیبلٹی اسٹڈی کے لیے پروجیکٹ ریڈینس فائنانسنگ معاہدے پر دستخط کیے۔



کوئٹہ: وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی صوبائی کابینہ کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں



وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی پی ایس ڈی پی سے متعلق پارلیمانی کمیٹی کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

CL
DIRECTORATE
GENERAL OF PUBL
RELATIONS BALOCHS

نظامت اعلیٰ تعلقا
حکومت بلوچ

Bullet No. 1

Page No. 03

Daily MASHRIQ QUETTA

اللہ ہی کے لئے ہیں مشرق و مغرب (قرآن حکیم)

روزنامہ مشرق کوئٹہ

چیف ایگزیکٹو: سید ممتاز احمد

جلد 54 | ہفتہ 13 جمادی الثانی 1447ھ 06 دسمبر 2025ء، صفحات 08 | شمارہ 152

رجسٹرڈ BC-m-1 | Email. mashriqqta2008@gmail.com | PTCL 081-2827345, 081-2827344 | قیمت 35 روپے

# صوبائی کابینہ کا اجلاس بینک آف بلوچستان کے قیام، انتظامی ڈھانچے کی بہتری، عوامی فلاح سے متعلق اہم فیصلوں کی منظوری

**وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی زیر صدارت صوبائی کابینہ کے بیسویں اجلاس کے آغاز پر چیف آف ڈیفنس فورسز فیلڈ مارشل جنرل عاصم منیر کو ''سی ڈی ایف'' کی ذمہ داریاں سنبھالنے پر مبارکباد پیش**

**موسمیاتی لچک پر مبنی منصوبوں کو مستحکم، ماحولیاتی آلودگی کم کرنے کے لیے رکشوں اور موٹر بائیکس پر مرحلہ وار پابندی عائد کرنے اور صوبے میں الیکٹرک بائیکس اور الیکٹرک رکشہ متعارف کرانے پر اتفاق**

**اجلاس میں بلوچستان انوائرمنٹل پروٹیکشن ٹریبونل کے چیئرپرسن کی تقرری کی توثیق سمیت برتھ اینڈ ڈیتھ رجسٹریشن ماڈل بائی لا 2022 اور اقلیتی ''بہائی'' کمیونٹی کے لیے اسپیشل میرج ایکٹ کی منظوری**

**کابینہ اس عزم پر قائم ہے کہ صوبے کے مالی ڈھانچے کو جدید خطوط پر استوار، شہری سہولیات کو شفافیت اور رفتار کے ساتھ بہتر بنائیں اور ایسے فیصلے کریں جن کے اثرات واضح طور پر نظر آئیں، میر سرفراز بگٹی**

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی زیر صدارت صوبائی کابینہ کا بیسواں اجلاس جمعہ کو یہاں چیف منسٹر سیکرٹریٹ میں منعقد ہوا جس میں موسمیاتی تبدیلی، شہری سفری سہولیات، مالیاتی اصلاحات، بینک آف بلوچستان کے قیام، انتظامی ڈھانچے کی بہتری، تعلیم، ماحولیات اور عوامی فلاح و بہبود سے متعلق اہم فیصلوں کی منظوری دی گئی اجلاس کے آغاز پر چیف آف ڈیفنس فورسز فیلڈ مارشل جنرل عاصم منیر کو ''سی ڈی ایف'' کی ذمہ داریاں سنبھالنے پر مبارکباد پیش کرتے ہوئے وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بھارتی جارحیت کے دوران جنرل عاصم منیر کی مدبرانہ قیادت اور دفاعی حکمت عملی نے عالمی سطح پر پاکستان کے وقار میں نمایاں اضافہ کیا جبکہ پاک افواج ہر طرح کے چیلنجز سے نمٹنے کی غیر معمولی صلاحیت رکھتی ہیں اور بلوچستان کے عوام ہمیشہ اپنی بہادر افواج کے شانہ بشانہ کھڑے رہیں گے اجلاس میں شہری سفری سہولیات کے حوالے سے گرین بس سروس کے مزید روٹس اور اضافی بسوں کی منظوری دی گئی جبکہ وزیر اعلیٰ نے بتایا کہ بلوچستان کی تاریخ میں پہلی بار خواتین کے لیے'' پنک بس سروس'' کا آغاز کیا جا رہا ہے جو خواتین کے محفوظ اور باوقار سفر کی جانب........ بقیہ 1 صفحہ نمبر 7 پر

# مالی وسائل کا شفاف استعمال ہماری اولین ترجیح ہے، وزیر اعلیٰ

**منصوبوں کی پیش رفت پر مسلسل نظر رکھیں تاخیر یا رکاوٹ کو فوری دور کریں**

**جاری ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل کیلئے کوشاں ہیں، میر سرفراز بگٹی**

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی زیر صدارت جمعہ کو پی ایس ڈی پی سے متعلق پارلیمانی کمیٹی کا اجلاس منعقد ہوا، جس میں حکومت اور اتحادی جماعتوں کے نامزد پارلیمانی اراکین نے شرکت کی۔ اجلاس میں پبلک سیکٹر ڈویلپمنٹ پروگرام کے تحت جاری منصوبوں کی پیش رفت کا تفصیلی جائزہ لیا گیا اور آئندہ مالی سال کے........ بقیہ 13 صفحہ نمبر 7 پر

ترقیاتی پروگرام پر مشاورت کی گئی وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ صوبے میں ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل اور مالی وسائل کا شفاف استعمال ہماری اولین ترجیح ہے انہوں نے کہا کہ ہر منصوبہ عوامی مفاد اور صوبے کی اقتصادی ترقی کے لیے عملی اقدامات کا حصہ ہونا چاہیے وزیر اعلیٰ نے پارلیمانی کمیٹی کے اراکین پر زور دیا کہ وہ جاری منصوبوں کی پیش رفت پر مسلسل نظر رکھیں اور کسی بھی تاخیر یا رکاوٹ کو فوری طور پر دور کرنے کے اقدامات کریں اجلاس میں جاری ترقیاتی منصوبوں کے معیار اور رفتار کو بہتر بنانے کے لیے اقدامات پر بھی غور کیا گیا



وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی صوبائی کابینہ کے اجلاس میں اظہار خیال کر رہے ہیں



وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی پارلیمانی کمیٹی کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

ایک اہم عملی قدم ہے موسمیاتی تبدیلی کو ایک بڑا چیلنج قرار دیتے ہوئے میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ صوبے میں پہلا کلائمٹ فنڈ قائم کر دیا گیا ہے جس کے تحت ماحول دوست پالیسیوں اور موسمیاتی لچک پر مبنی منصوبوں کو مستحکم کیا جائے گا کابینہ نے ماحولیاتی آلودگی کم کرنے کے لیے رکشوں اور موٹر بائیکس پر مرحلہ وار پابندی عائد کرنے اور صوبے میں الیکٹرک بائیکس اور الیکٹرک رکشہ متعارف کرانے پر اتفاق کیا مالیاتی شعبے میں اہم پیش رفت کے طور پر صوبائی کابینہ نے'' بنک آف بلوچستان'' کے قیام کی اصولی منظوری دی جس کے بارے میں وزیر اعلیٰ نے ہدایت کی کہ آئندہ سال تک اس بنک کو عملی شکل دی جائے اور اس کا انتظامی بورڈ مکمل شفافیت اور سو فیصد میرٹ کی بنیاد پر قائم کیا جائے انہوں نے واضح طور پر ہدایت کی کہ بنک آف بلوچستان کو ہر قسم کے سیاسی دباؤ اور مصلحتوں سے مکمل طور پر پاک رکھا جائے گا اجلاس میں بلوچستان انوائرمنٹل پروٹیکشن ٹریبونل کے چیئرپرسن کی تقرری کی توثیق سمیت برتھ اینڈ ڈیتھ رجسٹریشن ماڈل بائی لاز 2022 اور اقلیتی ''بہائی'' کمیونٹی کے لیے اسپیشل میرج ایکٹ کی منظوری بھی دی گئی کابینہ نے صوبے میں قانونی سہولت کاری کو مؤثر بنانے کے لیے فیصلہ کیا کہ ڈویژن کمشنرز، ڈپٹی کمشنرز، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنرز اور اسسٹنٹ کمشنرز کو جسٹس آف پیس کے اختیارات تفویض کیے جائیں گے کابینہ کو بتایا گیا کہ جسٹس آف دی پیس پولیس کو قابل دست اندازی معاملات میں ایف آئی آر درج کرنے کی ہدایت دے سکے گا ہراسانی کی شکایات کا فوری ازالہ کرے گا اور قانونی پیچیدگیوں سے پیدا ہونے والی تاخیر کو کم کرنے کے لیے ایک فعال فورم کے طور پر کام کرے گا تعلیم کے شعبے میں اہم فیصلہ کرتے ہوئے کابینہ نے تین ہزار سنگل روم اسکولز میں پیرنٹ ٹیچرز کمیٹیوں کے ذریعے تعمیر کیے جانے والے اضافی کمروں اور سہولیات کے اخراجات کو ٹیکس سے مستثنیٰ قرار دیا اور یہ ہدف مقرر کیا کہ آئندہ تین برسوں میں صوبے کے 90 فیصد سنگل روم اسکولز کو دو کمروں تک توسیع دی جائے گی ترقیاتی و معاشی شعبوں میں کابینہ نے محکمہ پلاننگ اینڈ ڈویلپمنٹ میں پروجیکٹ مینجمنٹ یونٹ کے قیام، بلوچستان لائیو ہڈ سپورٹ پروجیکٹ، ٹیکس آن لینڈ اینڈ ایگریکلچر انکم رولز 2025 اور بلوچستان لیویز فورس سروس رولز 2023 میں ترامیم کی منظوری بھی دی اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ صوبائی کابینہ اس عزم پر قائم ہے کہ صوبے کے مالی ڈھانچے کو جدید خطوط پر استوار کیا جائے، شہری سہولیات کو شفافیت اور رفتار کے ساتھ بہتر بنائیں

CLIPPING SERVICE
DIRECTORA[TE]
GENERAL OF P[UBLIC]
RELATIONS BALO[CHISTAN]
Bullet No. 1

روزنامہ ایکسپریس کوئٹہ سینچری
پاکستان کے 11 شہروں سے بیک وقت شائع ہونے والا واحد اخبار
جلد 23 شمارہ 353 | ہفتہ، 14 جمادی الثانی، 6 دسمبر 2025ء، صفحات 8 قیمت 40 روپے

# منصوبوں کی بروقت تکمیل وسائل کا شفاف استعمال اولین ترجیح ہے، وزیراعلیٰ

## ارکان پارلیمانی کمیٹی جاری منصوبوں پر مسلسل نظر رکھیں اور تاخیر کو فوری دور کرنے کیلئے اقدامات کریں، سرفراز بگٹی

## کوشش ہے تمام منصوبے وقت پر مکمل اور عوام کو براہ راست فائدہ پہنچے، پی ایس ڈی پی سے متعلق پارلیمانی کمیٹی کا اجلاس

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی زیرصدارت جمعہ کو پی ایس ڈی پی سے متعلق پارلیمانی کمیٹی کا اجلاس منعقد ہوا، جس میں حکومت اور اتحادی جماعتوں کے نامزد پارلیمانی اراکین نے شرکت کی۔ اجلاس میں پبلک سیکٹر ڈویلپمنٹ پروگرام کے تحت جاری (باقی صفحہ 5 نمبر 25)

منصوبوں کی پیش رفت کا تفصیلی جائزہ لیا گیا اور آئندہ مالی سال کے ترقیاتی پرگرام پر مشاورت کی گئی وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ صوبے میں ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل اور مالی وسائل کا شفاف استعمال ہماری اولین ترجیح ہے انہوں نے کہا کہ ہر منصوبہ عوامی مفاد اور صوبے کی اقتصادی ترقی کے لیے عملی اقدامات کا حصہ ہونا چاہیے وزیراعلیٰ نے پارلیمانی کمیٹی کے اراکین پر زور دیا کہ وہ جاری منصوبوں کی پیش رفت پر مسلسل نظر رکھیں اور کسی بھی تاخیر یا رکاوٹ کو فوری طور پر دور کرنے کے اقدامات کریں اجلاس میں جاری ترقیاتی منصوبوں کے معیار اور رفتار کو بہتر بنانے کے لیے اقدامات پر بھی غور کیا گیا اور آئندہ مالی سال کے ترقیاتی پروگرام کے لیے تجاویز اور مشاورت شامل کی گئی وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ صوبائی حکومت ہر ممکن کوشش کر رہی ہے کہ تمام ترقیاتی منصوبے وقت پر مکمل ہوں اور عوام کو براہ راست فائدہ پہنچے انہوں نے اراکین سے کہا کہ پارلیمانی نگرانی اور موثر رابطہ کاری سے ترقیاتی منصوبوں کا شفاف اور نتیجہ خیز نفاذ ممکن بنایا جا سکتا ہے اجلاس میں مختلف شعبوں کے ترقیاتی پروگرامز کے اہداف اور ترجیحات پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا تاکہ دستیاب وسائل کے زیادہ سے زیادہ موثر استعمال کے ذریعے بلوچستان میں ترقی، روزگار کے مواقع اور بنیادی سہولیات کی فراہمی کو یقینی بنایا جا سکے۔



وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی صوبائی کابینہ کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

CamScanner

# صوبائی کابینہ کا اجلاس بینک آف بلوچستان کے قیام کی اصولی منظوری، پہلا کلائمیٹ فنڈ قائم

## رکشوں و موٹر بائیکس پر مرحلہ وار پابندی، الیکٹرک بائیک و رکشے متعارف کرانے پر اتفاق، فیلڈ مارشل کو سی ڈی ایف کی ذمہ داریاں سنبھالنے پر مبارکباد

**پیرنٹ ٹیچرز کمیٹیوں کے ذریعے تعمیر کئے جانیوالے اضافی کمروں اور سہولیات کے اخراجات ٹیکس سے مستثنیٰ قرار، عوام کا مستقبل محفوظ بنا رہے ہیں، وزیراعلیٰ**

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی زیر صدارت صوبائی کابینہ کا بیسواں اجلاس جمعہ کو یہاں چیف منسٹر سیکرٹریٹ (باقی صفحہ 5 نمبر 8)

میں منعقد ہوا جس میں موسمیاتی تبدیلی، شہری سفری سہولیات، مالیاتی اصلاحات، بنک آف بلوچستان کے قیام، انتظامی ڈھانچے کی بہتری، تعلیم، ماحولیات اور عوامی فلاح و بہبود سے متعلق اہم فیصلوں کی منظوری دی گئی اجلاس کے آغاز پر چیف آف ڈیفنس فورسز فیلڈ مارشل جنرل عاصم منیر کو "سی ڈی ایف" کی ذمہ داریاں سنبھالنے پر مبارکباد پیش کرتے ہوئے وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بھارتی جارحیت کے دوران جنرل عاصم منیر کی مدبرانہ قیادت اور دفاعی حکمت عملی نے عالمی سطح پر پاکستان کے وقار میں نمایاں اضافہ کیا جبکہ پاک افواج ہر طرح کے چیلنجز سے نمٹنے کی غیر معمولی صلاحیت رکھتی ہیں اور بلوچستان کے عوام ہمیشہ اپنی بہادر افواج کے شانہ بشانہ کھڑے رہیں گے اجلاس میں شہری سفری سہولیات کے حوالے سے گرین بس سروس کے مزید روٹس اور اضافی بسوں کی منظوری دی گئی جبکہ وزیراعلیٰ نے بتایا کہ بلوچستان کی تاریخ میں پہلی بار خواتین کے لیے "پنک بس سروس" کا آغاز کیا جا رہا ہے جو خواتین کے محفوظ اور باوقار سفر کی جانب ایک اہم عملی قدم ہے موسمیاتی تبدیلی کو ایک بڑا چیلنج قرار دیتے ہوئے میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ صوبے میں پہلا کلائمیٹ فنڈ قائم کر دیا گیا ہے جس کے تحت ماحول دوست پالیسیوں اور موسمیاتی لچک پر مبنی منصوبوں کو مستحکم کیا جائے گا کابینہ نے ماحولیاتی آلودگی کم کرنے کے لیے رکشوں اور موٹر بائیکس پر مرحلہ وار پابندی عائد کرنے اور صوبے میں الیکٹرک بائیکس اور الیکٹرک رکشہ متعارف کرانے پر اتفاق کیا مالیاتی شعبے میں اہم پیش رفت کے طور پر صوبائی کابینہ نے "بنک آف بلوچستان" کے قیام کی اصولی منظوری دی جس کے بارے میں وزیراعلیٰ نے ہدایت کی کہ آئندہ سال تک اس بنک کو عملی شکل دی جائے اور اس کا انتظامی ڈھانچہ مکمل شفافیت اور سو فیصد میرٹ کی بنیاد پر قائم کیا جائے انہوں نے واضح طور پر ہدایت کی کہ بنک آف بلوچستان کو ہر قسم کے سیاسی دباؤ اور مصلحتوں سے مکمل طور پر پاک رکھا جائے گا اجلاس میں بلوچستان انوائرمنٹل پروٹیکشن ٹریبونل کے چیئرپرسن کی تقرری کی توثیق سمیت برتھ اینڈ ڈیتھ رجسٹریشن ماڈل بائی لاز 2022 اور اقلیتی مہاجن کمیونٹی کے لیے اسپیشل میرج ایکٹ کی منظوری بھی دی گئی کابینہ نے صوبے میں قانونی سہولت کاری کو موثر بنانے کے لیے فیصلہ کیا کہ ڈویژنل کمشنرز، ڈپٹی کمشنرز، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنرز اور اسسٹنٹ کمشنرز کو جسٹس آف پیس کے اختیارات تفویض کیے جائیں گے کابینہ کو بتایا گیا کہ جسٹس آف دی پیس پولیس کو قابل دست اندازی معاملات میں ایف آئی آر درج کرنے کی ہدایت دے سکے گا ہراسانی کی شکایات کا فوری ازالہ کرے گا اور قانونی پیچیدگیوں سے پیدا ہونے والی تاخیر کو ختم کرنے کے لیے ایک فعال فورم کے طور پر کام کرے گا تعلیم کے شعبے میں اہم فیصلہ کرتے ہوئے کابینہ نے تین ہزار سنگل روم اسکولز میں پیرنٹ ٹیچرز کمیٹیوں کے ذریعے تعمیر کیے جانے والے اضافی کمروں اور سہولیات کے اخراجات کو ٹیکس سے مستثنیٰ قرار دیا اور یہ ہدف مقرر کیا کہ آئندہ تین برسوں میں صوبے کے 90 فیصد سنگل روم اسکولز کو دو کمروں تک توسیع دی جائے گی ترقیاتی و معاشی شعبوں میں کابینہ نے محکمہ پلاننگ اینڈ ڈویلپمنٹ میں پروجیکٹ مینجمنٹ یونٹ کے قیام، بلوچستان لائیوہڈ سپورٹ پروجیکٹ، ٹیکس آن لینڈ اینڈ ایگریکلچر انکم رولز 2025 اور بلوچستان لیویز فورس سروس رولز 2023 میں ترامیم کی منظوری بھی دی اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ صوبائی کابینہ اس عزم پر قائم ہے کہ صوبے کے مالی ڈھانچے کو جدید خطوط پر استوار کیا جائے، شہری سہولیات کو شفافیت اور رفتار کے ساتھ بہتر بنائیں اور ایسے فیصلے کریں جن کے اثرات آج نہیں تو آنے والے برسوں میں واضح طور پر نظر آئیں موسمیاتی تبدیلی سے نمٹنے، شہری ٹرانسپورٹ کو جدید کرنے، تعلیم کے ڈھانچے کو مضبوط بنانے اور معیشت کو پائیدار بنیادوں پر کھڑا کرنے کے لیے ہم نے عملی اقدامات شروع کر دیے ہیں ہم وہ صوبہ بنانے جا رہے ہیں جہاں ترقی فیصلوں پر نہیں بلکہ نتائج پر ناپی جائے گی اور جہاں ہر شہری کو یہ احساس ہو کہ حکومت ان کے ساتھ کھڑی ہے، ان کے لیے کام کر رہی ہے اور ان کے مستقبل کو محفوظ بنا رہی ہے اجلاس میں سیکیورٹی فورسز اور سویلین شہداء کے درجات کی بلندی کے لیے دعا کی گئی جبکہ صوبائی وزیر آبپاشی میر محمد صادق عمرانی کی جلد صحت یابی کے لیے بھی خصوصی دعا کی گئی۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Bullet No. ۱

Page No. 6


THE DAILY INTEKHAB (Quetta)

روزنامہ انتخاب کوئٹہ

www.dailyintekhab.pk
Intekhabnews@gmail.com
Quetta Ph:081-2822909

قیمت 30 روپے ★ صفحات 6

جلد نمبر 32 | ہفتہ 06 دسمبر 2025ء بمطابق 14 جمادی الثانی 1447ھ | شمارہ نمبر 334


بلوچستان کابینہ کا اجلاس

# پیٹرول سے چلنے والے رکشوں و موٹر سائیکلوں پر پابندی لگ گئی، اہم فیصلوں کی منظوری

موسمیاتی تبدیلی، شہری سفری سہولیات، مالیاتی اصلاحات، بینک آف بلوچستان کے قیام کی منظوری، انتظامی ڈھانچے کی بہتری، تعلیم، ماحولیات، عوامی فلاح و بہبود سے متعلق فیصلوں کی منظوری دے دی گئی

چیف آف ڈیفنس فورسز جنرل عاصم منیر کو نئی ذمہ داریاں سنبھالنے پر مبارکباد، بلوچستان کے عوام فوج کے ساتھ ہیں، وزیراعلیٰ، پی ایس ڈی پی سے متعلق پارلیمانی پارٹی کا اجلاس، جاری اور آئندہ مالی سال کے منصوبوں پر مشاورت

کوئٹہ (آن لائن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی زیر صدارت صوبائی کابینہ کا [illegible] اجلاس

چیف منسٹر سیکرٹریٹ میں منعقد ہوا جس میں موسمیاتی تبدیلی، شہری سفری سہولیات، مالیاتی اصلاحات، بینک

آف بلوچستان کے قیام، انتظامی ڈھانچے کی بہتری، تعلیم، ماحولیات

بقیہ نمبر 81 صفحہ 5 پر

کوئٹہ (آن لائن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی زیر صدارت جمعہ کو پی ایس ڈی پی سے متعلق پارلیمانی

کمیٹی کا اجلاس منعقد ہوا، جس میں حکومت اور اتحادی جماعتوں کے ارکان پارلیمانی اراکین نے شرکت کی۔

اجلاس میں پبلک سیکٹر ڈویلپمنٹ پروگرام کے تحت جاری منصوبوں کی

بقیہ نمبر 82 صفحہ 5 پر

DIRECT[illegible]
GENERAL [illegible]
RELATIONS B[illegible]
نظامت اعلیٰ
حکومت
Bullet No. 1
Page No. 7

websit: www.dailybaakhabar.com E.mail:baakhabarquetta42@gmail.com
MEMBER APNS | بے شک اللہ تعالیٰ بہت باریک بین اور باخبر ہے (القرآن) | ABC CERTIFIED
THE DAILY BAAKHABAR QUETTA
روزنامہ باخبر کوئٹہ
بانی اکرام اللہ خان
شمارہ 333 | ہفتہ 06 دسمبر 2025ء بمطابق 14 جمادی الثانی 1447ھ قیمت 20 روپے | جلد 29

## وزیراعلیٰ کے وژن سے متاثر ہو کر علیحدگی پسند رہنما نور علی چاکرانی ساتھیوں سمیت قومی دھارے میں شامل

**ریاست پاکستان اور قومی پرچم کے ساتھ وفاداری کا عہد، امن، استحکام اور قومی یکجہتی کے فروغ کے لئے صوبائی حکومت کے اقدامات کی حمایت کا یقین دلایا**

**ہر شہری کے لیے ترقی، تحفظ اور قومی یکجہتی کو فروغ دینا بلوچستان حکومت کی اولین ترجیح ہے، ٹاؤن چیئرمین سوئی عزت اللہ امان بگٹی کا تقریب سے خطاب**

سوئی (خ ن) دہشت گردی کے خلاف بلوچستان حکومت کے سخت ایکشن اور وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے ترقیاتی و عوام دوست وژن سے متاثر ہو کر سوئی ٹان میں علیحدگی پسند مقامی رہنما وڈیرہ نور علی چاکرانی نے اپنے سو سے زائد ساتھیوں کے ہمراہ ہتھیار ڈال کر قومی دھارے میں شامل ہونے کا اعلان کر دیا اس موقع پر انہوں نے ریاست پاکستان اور قومی پرچم کے ساتھ وفاداری کا عہد کیا اور صوبے میں امن، استحکام اور قومی یکجہتی کے فروغ کے لئے صوبائی حکومت کے اقدامات کی حمایت کا یقین دلایا جمعہ کو سوئی میں تاریخی اور پروقار تقریب منعقد ہوئی جس کی صدارت وزیراعلیٰ کے بھائی میر آفتاب احمد بگٹی نے کی جبکہ بگٹی قوم کے عمائدین معززین، نوجوان اور عوام کی بڑی تعداد نے شرکت کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے میر آفتاب احمد بگٹی نے ہتھیار ڈالنے والے افراد کو خوش آمدید کہا اور پیغام دیا کہ جو لوگ اب بھی پہاڑوں میں بھٹکے ہوئے ہیں اور بیرونی عناصر کے اثر و رسوخ میں ہیں وہ واپس آ کر قومی دھارے میں شامل ہوں اور ڈیرہ بگٹی و بلوچستان کی ترقی، خوشحالی اور پرامن مستقبل کی تعمیر میں اپنا مثبت کردار ادا کریں تقریب میں ٹاؤن چیئرمین سوئی عزت اللہ امان بگٹی نے اپنے خطاب میں کہا کہ یہ اقدام وزیراعلیٰ میر سرفراز احمد بگٹی کی عوام دوست پالیسی اور امن قائم رکھنے کے عزم کا نتیجہ ہے۔



کوئٹہ، وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی 8 دسمبر کو ہونے والے انٹرنیشنل کانفرنس کے حوالے سے پیغام جاری کر رہے ہیں

## ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل و مالی وسائل کا شفاف استعمال اولین ترجیح ہے، وزیراعلیٰ

**ہر منصوبہ عوامی مفاد اور صوبے کی اقتصادی ترقی کے لیے عملی اقدامات کا حصہ ہونا چاہیے اراکین اسمبلی مسلسل نظر رکھیں**

**میر سرفراز بگٹی کی زیر صدارت پی ایس ڈی پی سے متعلق پارلیمانی کمیٹی کا اجلاس، پارلیمانی اراکین کی شرکت**

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی زیر صدارت جمعہ کو پی ایس ڈی پی سے متعلق پارلیمانی کمیٹی کا اجلاس منعقد ہوا، جس میں حکومت اور اتحادی جماعتوں کے نامزد پارلیمانی اراکین نے شرکت کی۔ اجلاس میں پبلک سیکٹر ڈویلپمنٹ پروگرام کے تحت جاری منصوبوں کی پیش رفت کا تفصیلی جائزہ لیا گیا اور آئندہ مالی سال کے ترقیاتی پروگرام پر مشاورت کی گئی وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ صوبے میں ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل اور مالی وسائل کا شفاف استعمال ہماری اولین ترجیح ہے انہوں نے کہا کہ ہر منصوبہ عوامی مفاد اور صوبے کی اقتصادی ترقی کے لیے عملی اقدامات کا حصہ ہونا چاہیے وزیراعلیٰ نے پارلیمانی کمیٹی کے اراکین پر زور دیا کہ وہ جاری منصوبوں کی پیش رفت پر مسلسل نظر رکھیں اور کسی بھی تاخیر یا رکاوٹ کو فوری طور پر دور کرنے کے اقدامات کریں اجلاس میں جاری ترقیاتی منصوبوں کے معیار اور رفتار کو بہتر بنانے کے لیے اقدامات پر بھی غور کیا گیا اور آئندہ مالی سال کے ترقیاتی پروگرام کے لیے تجاویز اور مشاورت شامل کی گئی وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ صوبائی حکومت ہر ممکن کوشش کر رہی ہے کہ تمام ترقیاتی منصوبے بروقت مکمل ہوں اور عوام کو براہ راست فائدہ پہنچے انہوں نے اراکین سے کہا کہ پارلیمانی نگرانی اور موثر رابطہ کاری سے ترقیاتی منصوبوں کا شفاف اور نتیجہ خیز نفاذ ممکن بنایا جا سکتا ہے اجلاس میں مختلف شعبوں کے ترقیاتی پروگرامز کے اہداف اور ترجیحات پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا تاکہ دستیاب وسائل کے زیادہ سے زیادہ موثر استعمال کے ذریعے بلوچستان میں ترقی، روزگار کے مواقع اور بنیادی سہولیات کی فراہمی کو یقینی بنایا جا سکے۔

CLIPP
DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN
نظامت اعلیٰ تع
حکومت بلو
D
Bullet No 1
Page No. 8

ABC
Daily Qudrat Quetta
قدرت کوئٹہ
چیف ایڈیٹر نعمت اللہ
صفحات 8 قیمت 15 روپے
جلد 21 | ہفتہ 06 دسمبر 2025ء، 14 جمادی الثانی 1447ھ | شمارہ 236

# بینک آف بلوچستان کے قیام کی اصولی منظوری دیدی

سرفراز بگٹی

مدبرانہ قیادت اور دفاعی حکمت عملی نے عالمی سطح پر پاکستان کے وقار میں نمایاں اضافہ کیا جبکہ پاک افواج ہر طرح کے چیلنجز سے نمٹنے کی غیر معمولی صلاحیت رکھتی ہیں اور بلوچستان کے عوام ہمیشہ اپنی بہادر افواج کے شانہ بشانہ کھڑے رہیں گے

پنک بس سروس کا آغاز کیا جارہا ہے جو خواتین کے محفوظ اور باوقار سفر کی جانب ایک اہم عملی قدم ہے صوبے میں پہلا کلائمنٹ فنڈ قائم کردیا گیا ہے، جس کے تحت ماحول دوست پالیسیوں اور موسمیاتی لچک پر مبنی منصوبوں کو مستحکم کیا جائے گا

کوئٹہ (یو این اے) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی زیر صدارت صوبائی کابینہ کا دسواں اجلاس جمعہ کو یہاں چیف منسٹر سیکرٹریٹ میں منعقد ہوا جس میں موسمیاتی تبدیلی، شہری سفری سہولیات، مالیاتی اصلاحات، بینک آف بلوچستان کے قیام، انتظامی ڈھانچے کی بہتری، تعلیم، ماحولیات اور عوامی فلاح و بہبود سے متعلق اہم فیصلوں کی منظوری دی گئی اجلاس کے آغاز پر چیف آف ڈیفنس فورسز فیلڈ مارشل جنرل عاصم منیر کو سی ڈی ایف کی ذمہ داریاں سنبھالنے پر مبارکباد پیش

بقیہ ۳ صفحہ 6 پر



کوئٹہ، وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے پارلیمانی سیکرٹری ایکسائز محمد خان لہڑی ملاقات کررہے ہیں



کوئٹہ، وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی صوبائی کابینہ کے اجلاس میں اظہار خیال کررہے ہیں



کوئٹہ، وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی پی ایس ڈی پی سے متعلق پارلیمانی کمیٹی کے اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

کرتے ہوئے وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بھارتی جارحیت کے دوران جنرل عاصم منیر کی مدبرانہ قیادت اور دفاعی حکمت عملی نے عالمی سطح پر پاکستان کے وقار میں نمایاں اضافہ کیا جبکہ پاک افواج ہر طرح کے چیلنجز سے نمٹنے کی غیر معمولی صلاحیت رکھتی ہیں اور بلوچستان کے عوام ہمیشہ اپنی بہادر افواج کے شانہ بشانہ کھڑے رہیں گے اجلاس میں شہری سفری سہولیات کے حوالے سے گرین بس سروس کے مزید روٹس اور اضافی بسوں کی منظوری دی گئی جبکہ وزیر اعلیٰ نے بتایا کہ بلوچستان کی تاریخ میں پہلی بار خواتین کے لیے پنک بس سروس کا آغاز کیا جارہا ہے جو خواتین کے محفوظ اور باوقار سفر کی جانب ایک اہم عملی قدم ہے موسمیاتی تبدیلی کو ایک بڑا چیلنج قرار دیتے ہوئے میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ صوبے میں پہلا کلائمنٹ فنڈ قائم کردیا گیا ہے جس کے تحت ماحول دوست پالیسیوں اور موسمیاتی لچک پر مبنی منصوبوں کو مستحکم کیا جائے گا کابینہ نے ماحولیاتی آلودگی کم کرنے کے لیے رکشوں اور موٹر بائیکس پر مرحلہ وار پابندی عائد کرنے اور صوبے میں الیکٹرک بائیکس اور الیکٹرک رکشہ متعارف کرانے پر اتفاق کیا مالیاتی شعبے میں اہم پیش رفت کے طور پر صوبائی کابینہ نے بینک آف بلوچستان کے قیام کی اصولی منظوری دی جس کے بارے میں وزیر اعلیٰ نے ہدایت کی کہ آئندہ سال تک اس بینک کو عملی شکل دی جائے اور اس کا انتظامی بورڈ مکمل شفافیت اور سو فیصد میرٹ کی بنیاد پر قائم کیا جائے انہوں نے واضح طور پر ہدایت کی کہ بینک آف بلوچستان کو ہر قسم کے سیاسی دباؤ اور مداخلتوں سے مکمل طور پر پاک رکھا جائے گا اجلاس میں بلوچستان انوائرمنٹل پروٹیکشن ٹریبونل کے چیئرپرسن کی تقرری کی توثیق سمیت برتھ اینڈ ڈیتھ رجسٹریشن ماڈل بائی لاز 2022 اور انگیج منہائی کیری کے لیے ویکسین میرج ایکٹ کی منظوری بھی دی گئی کابینہ نے صوبے میں قانونی سہولت کاری کو مؤثر بنانے کے لیے فیصلہ کیا کہ ڈویژنل کمشنرز، ڈپٹی کمشنرز، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنرز اور اسسٹنٹ کمشنرز کو جسٹس آف پیس کے اختیارات تفویض کیے جائیں گے کابینہ کو بتایا گیا کہ جسٹس آف دی پیس پولیس کو قابل دست اندازی معاملات میں ایف آئی آر درج کرنے کی ہدایت دے سکے گا ہراسانی کی شکایات کا فوری ازالہ کرے گا اور قانونی پیچیدگیوں سے پیدا ہونے والی تاخیر کو کم کرنے کے لیے ایک مؤثر فورم کے طور پر کام کرے گا تعلیم کے شعبے میں اہم فیصلہ کرتے ہوئے کابینہ نے تین ہزار سنگل روم اسکولز میں ڈونر پارٹنرز کمپنیوں کے ذریعے تعمیر کیے جانے والے اضافی کمروں اور سہولیات کے اخراجات کو ٹیکس سے مستثنیٰ قرار دیا اور یہ ہدف مقرر کیا کہ آئندہ تین برسوں میں صوبے کے 90 فیصد سنگل روم اسکولز کو دو کمروں تک توسیع دی جائے گی۔

DIRECTORA
GENERAL OF
RELATIONS BAL

نظامت اعل
حکومہ

Bullet No. 1

Page No. 8

www.dailyazadiquetta.com ویب سائٹ
بلوچستان کا سب سے زیادہ پڑھا جانے والا اخبار
ABC CERTIFIED
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

Daily AZADI Quetta

روزنامہ آزادی کوئٹہ

بانی
صدیق بلوچ

جلد نمبر-24 ہفتہ 06 دسمبر 2025ء بمطابق 14 جمادی الثانی 1447ھ قیمت 20 روپے شمارہ نمبر-333

# پنک بس سروس کا آغاز، الیکٹرک بائیکس اور رکشے متعارف، بینک آف بلوچستان قائم کیا جائیگا، سرفراز بگٹی


**وزیراعلیٰ بلوچستان کی زیرصدارت صوبائی کابینہ کے اجلاس میں موسمیاتی تبدیلی، شہری سفری سہولیات، مالیاتی اصلاحات، انتظامی ڈھانچے کی بہتری، تعلیم، ماحولیات اور عوامی فلاح و بہبود سے متعلق اہم فیصلوں کی منظوری دیدی گئی**

**اجلاس میں گرین بس سروس کے روٹس، بسوں میں اضافے، رکشوں اور موٹر بائیکس پر مرحلہ وار پابندی عائد کرنے، اقلیتی "بہائی" کمیونٹی کے لیے اسپیشل میرج ایکٹ، ضلعی افسران کو جسٹس آف پیس کے اختیارات تفویض کرنے کی منظوری دی گئی**

**چیف آف آرمی اسٹاف فیلڈ مارشل جنرل عاصم منیر کو سی ڈی ایف کی ذمہ داریاں سنبھالنے پر مبارکباد پیش، بھارتی جارحیت کے دوران جنرل عاصم منیر کی مدبرانہ قیادت اور دفاعی حکمت عملی نے عالمی سطح پر پاکستان کے وقار میں نمایاں اضافہ کیا، سرفراز بگٹی**

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی زیرصدارت صوبائی کابینہ کا بیسواں اجلاس جمعہ کو یہاں چیف منسٹر سیکرٹریٹ میں منعقد ہوا جس میں موسمیاتی تبدیلی، شہری سفری سہولیات، مالیاتی اصلاحات، بینک آف بلوچستان کے قیام، انتظامی ڈھانچے کی بہتری، تعلیم، ماحولیات اور عوامی فلاح و بہبود سے متعلق اہم فیصلوں کی منظوری دی گئی اجلاس کے آغاز پر چیف آف ڈیفنس فورسز فیلڈ مارشل جنرل عاصم منیر کو "سی ڈی ایف" کی ذمہ داریاں سنبھالنے پر مبارکباد پیش کرتے ہوئے وزیراعلیٰ (بقیہ نمبر 1 صفحہ نمبر 2 پر)

بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بھارتی جارحیت کے دوران جنرل عاصم منیر کی مدبرانہ قیادت اور دفاعی حکمت عملی نے عالمی سطح پر پاکستان کے وقار میں نمایاں اضافہ کیا جبکہ پاک فوج ہر طرح کے چیلنجز سے نمٹنے کی غیر معمولی صلاحیت رکھتی ہیں اور بلوچستان کے عوام ہمیشہ اپنی بہادر افواج کے شانہ بشانہ کھڑے رہیں گے اجلاس میں شہری سفری سہولیات کے حوالے سے گرین بس سروس کے مزید روٹس اور اضافی بسوں کی منظوری دی گئی جبکہ وزیراعلیٰ نے بتایا کہ بلوچستان کی تاریخ میں پہلی بار خواتین کے لیے "پنک بس سروس" کا آغاز کیا جا رہا ہے، جو خواتین کے محفوظ اور باوقار سفر کی جانب ایک اہم عملی قدم ہے موسمیاتی تبدیلی کو ایک بڑا چیلنج قرار دیتے ہوئے میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ صوبے میں پہلا کلائمٹ فنڈ قائم کر دیا گیا ہے، جس کے تحت ماحول دوست پالیسیوں اور موسمیاتی لچک پر مبنی منصوبوں کو مستحکم کیا جائے گا کابینہ نے ماحولیاتی آلودگی کم کرنے کے لیے رکشوں اور موٹر بائیکس پر مرحلہ وار پابندی عائد کرنے اور صوبے میں الیکٹرک بائیکس اور الیکٹرک رکشہ متعارف کرانے پر اتفاق کیا مالیاتی شعبے میں اہم پیش رفت کے طور پر صوبائی کابینہ نے "بینک آف بلوچستان" کے قیام کی اصولی منظوری دی جس کے بارے میں وزیراعلیٰ نے ہدایت کی کہ آئندہ دو سال تک اس بینک کو عملی شکل دی جائے اور اس کا انتظامی بورڈ مکمل شفافیت اور سو فیصد میرٹ کی بنیاد پر قائم کیا جائے انہوں نے واضح طور پر ہدایت دی کہ بینک آف بلوچستان کو ہر قسم کے سیاسی دباؤ اور مصلحتوں سے مکمل طور پر پاک رکھا جائے گا اجلاس میں بلوچستان ڈویژنل پروفیشن ٹریبونل کے چیئرپرسن کی تقرری کی توثیق، برتھ اینڈ ڈیتھ رجسٹریشن ماڈل بائی لاز 2022 اور اقلیتی "بہائی" کمیونٹی کے لیے اسپیشل میرج ایکٹ کی منظوری بھی دی گئی کابینہ نے صوبے میں قانونی سہولت کاری کو مؤثر بنانے کے لیے فیصلہ کیا کہ ڈویژنل کمشنرز، ڈپٹی کمشنرز، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنرز اور اسسٹنٹ کمشنرز کو جسٹس آف پیس کے اختیارات تفویض کیے جائیں گے کابینہ کو بتایا گیا کہ جسٹس آف دی پیس پولیس کو قابل دست اندازی معاملات میں ایف آئی آر درج کرنے کی ہدایت دے سکے گا ہراسانی کی شکایات کا فوری ازالہ کرے گا اور قانونی پیچیدگیوں سے پیدا ہونے والی تاخیر کو کم کرنے کے لیے ایک فعال فورم کے طور پر کام کرے گا تعلیم کے شعبے میں اہم فیصلہ کرتے ہوئے کابینہ نے تین ہزار سنگل روم اسکولز میں پیرنٹ ٹیچرز کمیٹیوں کے ذریعے تعمیر کیے جانے والے اضافی کمروں اور سہولیات کے اخراجات کو ٹیکس سے مستثنیٰ قرار دیا اور یہ ہدف مقرر کیا کہ آئندہ تین برسوں میں صوبے کے 90 فیصد سنگل روم اسکولز کو دو کمروں تک توسیع دی جائے گی ترقیاتی و معاشی شعبوں میں کابینہ نے محکمہ پلاننگ اینڈ ڈویلپمنٹ میں پروجیکٹ مینجمنٹ یونٹ کے قیام، بلوچستان لائیو ہڈ سپورٹ پروجیکٹ، ٹیکس آن لینڈ اینڈ ایگریکلچر انکم رولز 2025 اور بلوچستان لیویز فورس سروس رولز 2023 میں ترامیم کی منظوری بھی دی اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ صوبائی کابینہ اس عزم پر قائم ہے کہ صوبے کے مالی ڈھانچے کو جدید خطوط پر استوار کیا جائے، شہری سہولیات کو شفافیت اور رفتار کے ساتھ بہتر بنائیں اور ایسے فیصلے کریں جن کے اثرات آج نہیں تو آنے والے برسوں میں واضح طور پر نظر آئیں موسمیاتی تبدیلی سے نمٹنے، شہری ٹرانسپورٹ کو جدید کرنے، تعلیم کے ڈھانچے کو مضبوط بنانے اور معیشت کو پائیدار بنیادوں پر کھڑا کرنے کے لیے ہم نے عملی اقدامات شروع کر دیے ہیں ہم وہ صوبہ بنانے جا رہے ہیں جہاں ترقی فیصلوں پر نہیں بلکہ نتائج پر ناپی جائے گی اور جہاں ہر شہری کو یہ احساس ہو کہ حکومت ان کے ساتھ کھڑی ہے، ان کے لیے کام کر رہی ہے اور ان کے مستقبل کو محفوظ بنا رہی ہے اجلاس میں سیکیورٹی فورسز اور سویلین شہداء کے درجات کی بلندی کے لیے دعا کی گئی جبکہ صوبائی وزیر آبپاشی میر محمد صادق عمرانی کی جلد صحت یابی کے لیے بھی خصوصی دعا کی گئی۔



کوئٹہ، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی صوبائی کابینہ کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں



وزیراعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی پی ایس ڈی پی سے متعلق پارلیمانی کمیٹی کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

CamScanner

DIRECTOR
GENERAL OF
RELATIONS BAL

نظامت اعل
حکومس

Bullet No. 1
Page No. 10

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت مسلسل اشاعت کے 80 سال بلوچستان کا قدیم اور مقبول روزنامہ

DAILY ZAMANA

روزنامہ زمانہ کوئٹہ

بانی: سید فصیح اقبال
چیف ایڈیٹر: محمد حیدر امین

جلد 80 | ہفتہ 6 دسمبر 2025ء، 14 جمادی الثانی 1447ھ | صفحات 6 | قیمت 20 روپے | شمارہ 334

# صوبے کے مالی ڈھانچے کو جدید خطوط پر استوار کریں گے

وزیراعلیٰ بلوچستان

## صوبائی کابینہ کا بیسواں اجلاس، مالیاتی اصلاحات، بنک آف بلوچستان کے قیام، انتظامی ڈھانچے کی بہتری اور عوامی فلاح و بہبود سے متعلق اہم فیصلوں کی منظوری

### ہم وہ صوبہ بنانے جارہے ہیں جہاں ترقی فیصلوں پر نہیں بلکہ نتائج پر ناپی جائے گی اور جہاں ہر شہری کو یہ احساس ہو کہ حکومت ان کے ساتھ کھڑی ہے، میر سرفراز بگٹی

کوئٹہ (این این آئی) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی زیر صدارت صوبائی کابینہ کا بیسواں اجلاس جمعہ کو یہاں چیف منسٹر سیکرٹریٹ میں منعقد ہوا جس میں موسمیاتی تبدیلی، شہری سفری سہولیات، مالیاتی اصلاحات، بنک آف بلوچستان کے قیام، انتظامی ڈھانچے کی بہتری، تعلیم، ماحولیات اور عوامی فلاح و بہبود سے متعلق اہم فیصلوں کی منظوری دی گئی اجلاس کے آغاز پر چیف آف ڈیفنس فورسز فیلڈ مارشل جنرل عاصم منیر کو "سی ڈی ایف" کی ذمہ داریاں سنبھالنے پر مبارکباد پیش کرتے ہوئے وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بھارتی جارحیت کے دوران جنرل عاصم منیر کی مدبرانہ قیادت اور دفاعی حکمت عملی نے عالمی سطح پر پاکستان کے وقار میں نمایاں اضافہ کیا جبکہ پاک افواج ہر طرح کے چیلنجز سے نمٹنے کی غیر معمولی صلاحیت رکھتی ہیں اور بلوچستان کے عوام ہمیشہ اپنی بہادر افواج کے شانہ بشانہ کھڑے رہیں گے اجلاس میں شہری سفری سہولیات کے حوالے سے گرین بس سروس کے مزید روٹس اور اضافی بسوں کی منظوری دی گئی جبکہ وزیراعلیٰ نے بتایا کہ بلوچستان کی تاریخ میں پہلی بار خواتین کے لیے "پنک بس سروس" کا آغاز کیا جارہا ہے جو خواتین کے محفوظ اور باوقار سفر کی جانب ایک اہم عملی قدم ہے موسمیاتی تبدیلی کو ایک بڑا چیلنج قرار دیتے ہوئے میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ صوبے میں پہلا کلائمیٹ فنڈ قائم کر دیا گیا ہے جس کے تحت ماحول دوست پالیسیوں اور موسمیاتی لچک پر مبنی منصوبوں کو مستحکم کیا جائے گا کابینہ نے ماحولیاتی آلودگی کم کرنے کے لیے رکشوں اور موٹر بائیکس پر مرحلہ وار پابندی عائد کرنے اور صوبے میں الیکٹرک بائیکس اور الیکٹرک رکشہ متعارف کرانے پر اتفاق کیا مالیاتی شعبے میں اہم پیش رفت کے طور پر صوبائی کابینہ نے "بنک آف بلوچستان" کے قیام کی اصولی منظوری دی جس کے بارے میں وزیراعلیٰ نے ہدایت کی کہ آئندہ سال تک اس بنک کو عملی شکل دی جائے اور اس کا انتظامی بورڈ مکمل شفافیت اور سو فیصد میرٹ کی بنیاد پر قائم کیا جائے انہوں نے واضح طور پر ہدایت کی کہ بنک آف بلوچستان کو ہر قسم کے سیاسی دباؤ اور مصلحتوں سے مکمل طور پر پاک رکھا جائے گا اجلاس میں بلوچستان انوائرمنٹل پروٹیکشن ٹریبونل کے چیئرپرسن کی تقرری کی توثیق سمیت برتھ اینڈ ڈیتھ رجسٹریشن ماڈل بائی لاز 2022 اور اقلیتی "بہائی" کمیونٹی کے لیے اسپیشل میرج ایکٹ کی منظوری بھی دی گئی کابینہ نے صوبے میں قانونی سہولت کاری کو مؤثر بنانے کے لیے فیصلہ کیا کہ ڈویژنل کمشنرز، ڈپٹی کمشنرز، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنرز اور اسسٹنٹ کمشنرز کو جسٹس آف پیس کے اختیارات تفویض کیے جائیں گے کابینہ کو بتایا گیا کہ جسٹس



وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے صوبائی پارلیمانی سیکرٹری بادیہ نواز ملاقات کر رہی ہیں



☆☆☆☆☆☆☆☆ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی صوبائی کابینہ کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں ☆☆☆☆☆☆☆☆

CLIPPING SERVICE

DIRECTO
GENERAL O
RELATIONS BA

نظامت اعلی
حکومت

Bullet No. ۱

Page No. ۱۱

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
ABC CERTIFIED
بلوچستان کے عوام کا بے باک ترجمان
Daily BALOCHISTAN NEWS QUETTA
روزنامہ بلوچستان نیوز کوئٹہ
چیف ایڈیٹر: محمد انور ناصر
جلد 28 | Ph :2839851 | FaX:2839867 | قیمت 15 روپے | MEMBER OF APNS | شمارہ 289
ہفتہ 6 دسمبر 2025ء | 14 جمادی الثانی | 1447ھ | رجسٹرڈ ہی سی بی-10

# ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل اولین ترجیح ہے، سرفراز بگٹی

## ہر منصوبہ عوامی مفاد اور صوبے کی اقتصادی ترقی کے لیے عملی اقدامات کا حصہ ہونا چاہیے، پارلیمانی کمیٹی کے اراکین پیش رفت پر مسلسل نظر رکھیں

## صوبائی حکومت ہر ممکن کوشش کر رہی ہے کہ تمام ترقیاتی منصوبے وقت پر مکمل ہوں اور عوام کو براہ راست فائدہ پہنچے، اجلاس سے خطاب

کوئٹہ (خ ن): وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی زیر صدارت جمعہ کو پی ایس ڈی پی سے متعلق پارلیمانی کمیٹی کا اجلاس منعقد ہوا، جس میں حکومت اور اتحادی جماعتوں کے نامزد پارلیمانی اراکین نے شرکت کی۔ اجلاس میں پبلک سیکٹر ڈویلپمنٹ پروگرام کے تحت جاری منصوبوں کی پیش رفت کا تفصیلی جائزہ لیا گیا اور آئندہ مالی سال کے ترقیاتی پروگرام پر مشاورت کی گئی وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ صوبے میں ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل اور مالی وسائل کا شفاف استعمال ہماری اولین ترجیح ہے انہوں نے کہا کہ ہر منصوبہ عوامی مفاد اور صوبے کی اقتصادی ترقی کے لیے عملی اقدامات کا حصہ ہونا چاہیے وزیر اعلیٰ نے پارلیمانی کمیٹی کے اراکین پر زور دیا کہ وہ جاری منصوبوں کی پیش رفت پر مسلسل نظر رکھیں اور کسی بھی تاخیر یا رکاوٹ کو فوری طور پر دور کرنے کے اقدامات کریں اجلاس میں جاری ترقیاتی منصوبوں کے معیار اور رفتار کو بہتر بنانے کے لیے اقدامات پر بھی غور کیا گیا اور آئندہ مالی سال کے ترقیاتی پروگرام کے لیے تجاویز اور مشاورت شامل کی گئی وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ صوبائی حکومت ہر ممکن کوشش کر رہی ہے کہ تمام ترقیاتی منصوبے وقت پر مکمل ہوں اور عوام کو براہ راست فائدہ پہنچے



وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی صوبائی کابینہ کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

CamScanner

DIRECTORATE
GENERAL OF P
RELATIONS BALO

نظامت
حکو

Bullet No. 1

No. 12

Website www.dailymeezan.com | Facebook page/dailymeezan.official

Member APNS

مسلسل اشاعت کا 87 واں سال

ABC Certified

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت بلوچستان کا کثیر الاشاعت اخبار

روزنامہ میزان کوئٹہ

چیف ایڈیٹر : برکت علی

جلد 77 | ہفتہ 06 دسمبر 2025ء 14 جمادی الثانی 1447ھ | قیمت 20 روپے | شمارہ 95

وزیراعلیٰ بلوچستان کی زیر صدارت صوبائی کابینہ کا اجلاس، چیف آف ڈیفنس فورسز فیلڈ مارشل جنرل عاصم منیر کو "سی ڈی ایف" کی ذمہ داریاں سنبھالنے پر مبارکباد پیش اور اہم فیصلے کیے گئے

# بلوچستان کے عوام اپنی بہادر افواج کے شانہ بشانہ کھڑے رہیں گے: سرفراز بگٹی

صوبے میں پہلا کلائمٹ فنڈ قائم کردیا گیا ہے جس کے تحت ماحول دوست پالیسیوں اور موسمیاتی لچک پر مبنی منصوبوں کو مستحکم کیا جائے گا کابینہ نے ماحولیاتی آلودگی کم کرنے کے لیے رکشوں اور موٹر بائیکس پر مرحلہ وار پابندی عائد کرنے پر اتفاق کیا ہے، اجلاس سے خطاب

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی زیر صدارت صوبائی کابینہ کا بیسواں اجلاس جمعہ کو یہاں چیف منسٹر سیکرٹریٹ میں منعقد ہوا جس میں موسمیاتی تبدیلی، شہری سفری سہولیات، مالیاتی اصلاحات، بنک آف بلوچستان کے قیام، انتظامی ڈھانچے کی (بقیہ 2 صفحہ 2 پر)


(بقیہ 2 صفحہ 2 پر)



وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی صوبائی کابینہ کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

بہتری، تعلیم، ماحولیات اور عوامی فلاح و بہبود سے متعلق اہم فیصلوں کی منظوری دی گئی اجلاس کے آغاز پر چیف آف ڈیفنس فورسز فیلڈ مارشل جنرل عاصم منیر کو "سی ڈی ایف" کی ذمہ داریاں سنبھالنے پر مبارکباد پیش کرتے ہوئے وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بھارتی جارحیت کے دوران جنرل عاصم منیر کی مدبرانہ قیادت اور دفاعی حکمت عملی نے عالمی سطح پر پاکستان کے وقار میں نمایاں اضافہ کیا جبکہ پاک افواج ہر طرح کے چیلنجز سے نمٹنے کی غیر معمولی صلاحیت رکھتی ہیں اور بلوچستان کے عوام ہمیشہ اپنی بہادر افواج کے شانہ بشانہ کھڑے رہیں گے اجلاس میں شہری سفری سہولیات کے حوالے سے گرین بس سروس کے مزید روٹس اور اضافی بسوں کی منظوری دی گئی جبکہ وزیر اعلیٰ نے بتایا کہ بلوچستان کی تاریخ میں پہلی بار خواتین کے لیے "پنک بس سروس" کا آغاز کیا جا رہا ہے جو خواتین کے محفوظ اور باوقار سفر کی جانب ایک اہم عملی قدم ہے موسمیاتی تبدیلی کو ایک بڑا چیلنج قرار دیتے ہوئے میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ صوبے میں پہلا کلائمٹ فنڈ قائم کر دیا گیا ہے جس کے تحت ماحول دوست پالیسیوں اور موسمیاتی لچک پر مبنی منصوبوں کو مستحکم کیا جائے گا کابینہ نے ماحولیاتی آلودگی کم کرنے کے لیے رکشوں اور موٹر بائیکس پر مرحلہ وار پابندی عائد کرنے اور صوبے میں الیکٹرک بائیکس اور الیکٹرک رکشہ متعارف کرانے پر اتفاق کیا مالیاتی شعبے میں اہم پیش رفت کے طور پر صوبائی کابینہ نے "بنک آف بلوچستان" کے قیام کی اصولی منظوری دی جس کے بارے میں وزیر اعلیٰ نے ہدایت کی کہ آئندہ سال تک اس بنک کو عملی شکل دی جائے اور اس کا انتظامی بورڈ مکمل شفافیت اور سو فیصد میرٹ کی بنیاد پر قائم کیا جائے انہوں نے واضح طور پر ہدایت کی کہ بنک آف بلوچستان کو ہر قسم کے سیاسی دباؤ اور مصلحتوں سے مکمل طور پر پاک رکھا جائے گا اجلاس میں بلوچستان انوائرمنٹل پروٹیکشن ٹریبونل کے چیئرپرسن کی تقرری کی توثیق سمیت برتھ اینڈ ڈیتھ رجسٹریشن ماڈل بائی لاز 2022 اور انگیسٹ بہائی ...

گئی کابینہ نے صوبے میں قانونی سہولت کاری کو مؤثر بنانے کے لیے فیصلہ کیا کہ ڈویژنل کمشنرز، ڈپٹی کمشنرز، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنرز اور اسسٹنٹ کمشنرز کو جسٹس آف پیس کے اختیارات تفویض کیے جائیں گے کابینہ کو بتایا گیا کہ جسٹس آف دی پیس پولیس کو قابل دست اندازی معاملات میں ایف آئی آر درج کرنے کی ہدایت دے سکے گا ہراسانی کی شکایات کا فوری ازالہ کرے گا اور قانونی پیچیدگیوں سے پیدا ہونے والی تاخیر کو کم کرنے کے لیے ایک فعال فورم کے طور پر کام کرے گا تعلیم کے شعبے میں اہم فیصلہ کرتے ہوئے کابینہ نے تین ہزار سنگل روم اسکولز میں پیرنٹ ٹیچرز کمیٹیوں کے ذریعے تعمیر کیے جانے والے اضافی کمروں اور سہولیات کے اخراجات کو ٹیکس سے مستثنیٰ قرار دیا اور یہ ہدف مقرر کیا کہ آئندہ تین برسوں میں صوبے کے 90 فیصد سنگل روم اسکولز کو دو کمروں تک توسیع دی جائے گی ترقیاتی و معاشی شعبوں میں کابینہ نے محکمہ پلاننگ اینڈ ڈویلپمنٹ میں پروجیکٹ مینجمنٹ یونٹ کے قیام، بلوچستان لائیو ہڈ سپورٹ پروجیکٹ، ٹیکس آن لینڈ اینڈ ایگریکلچر انکم رولز 2025 اور بلوچستان لیویز فورس سروس رولز 2023 میں ترامیم کی منظوری بھی دی اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے




وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے پارلیمانی سیکرٹری محترمہ ہادیہ نواز ملاقات کر رہی ہیں

Balochistan Times

balochistantimes.pk @balochistantimes.pk BTimes_pk

VOL XLV No. 1301 QUETTA Saturday December 06, 2025 / Jumadi ul-Thani 14, 1447

# CM Bugti chairs cabinet meeting focusing climate change challenge



**Staff Report**

**QUETTA:** The twentieth meeting of the provincial cabinet chaired by Balochistan Chief Minister Mir Sarfaraz Bugti was held here on Friday at the Chief Minister Secretariat in which important decisions related to climate change, urban travel facilities, financial reforms, establishment of Bank of Balochistan, improvement of administrative structure, education, environment and public welfare were approved. At the beginning of the meeting, congratulating Chief of Defense Forces Field Marshal General Asim Munir on assuming the responsibilities of "CDF", Chief Minister Balochistan Mir Sarfaraz Bugti said that General Asim Munir's wise leadership and defense strategy during the Indian aggression significantly increased Pakistan's prestige at the global level, while the Pakistani forces were able to deal with all kinds of challenges. The meeting approved more routes of the Green Bus Service and additional buses for urban travel facilities, while the Chief Minister said that for the first time in the history of Balochistan, a "Pink Bus Service" is being launched for women, which is an important practical step towards safe and dignified travel for women. Terming climate change as a major challenge, Mir Sarfaraz Bugti said that the first climate fund has been established in the province, under which eco-friendly policies and climate resilience-based projects will be strengthened. The cabinet agreed to impose a phased ban on rickshaws and motorbikes to reduce environmental pollution and to introduce electric bikes and electric rickshaws in the province. As a major development in the financial sector, the provincial cabinet gave in-principle approval for the establishment of the "Bank of Balochistan", regarding which the Chief Minister directed that this bank be operationalized by next year and its management board be established on the basis of complete transparency and 100 percent merit. He clearly stated that The meeting also approved the appointment of the Chairperson of the Balochistan Environmental Protection Tribunal, the Birth and Death Registration Model Bye-Laws 2022 and the Special Marriage Act for the minority "Baha'i" community. In order to make legal facilitation in the province effective, the cabinet decided to delegate the powers of Justice of the Peace to Division Commissioners, Deputy Commissioners, Additional Deputy Commissioners and Assistant Commissioners. The cabinet was informed that the Justice of the Peace will be able to direct the police to register FIRs in sensitive matters, will promptly redress complaints of harassment and will act as an active forum to reduce delays arising from legal complications. Taking an important decision in the education sector, the cabinet declared the cost of additional rooms and facilities constructed by Parent Teachers Committees in 3,000 single-room schools tax-exempt and set a target of 90 percent of the province's single-room schools will be expanded to two rooms. In the development and economic sectors, the cabinet also approved the establishment of a project management unit in the Planning and Development Department, the Balochistan Livelihood Support Project, amendments to the Tax on Land and Agriculture Income Rules 2025 and the Balochistan Levies Force Service Rules 2023. Addressing the meeting, Chief Minister Balochistan Mir Sarfaraz Bugti said that the provincial cabinet is committed to developing the province's financial structure on modern lines, improving urban facilities with transparency and speed, and taking decisions whose effects will be clearly visible in the coming years, if not today.

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. ١ Dated: 06 DEC 2025 Page No. 14


## فیلڈ مارشل کی تقرری قومی سلامتی کیلئے ناگزیر تھی، میر علی حسن زہری

**چیف آف ڈیفنس فورسز کی تعیناتی عصری اور جدید جنگی تقاضوں سے ہم آہنگ ہے، صوبائی وزیر زراعت**

کوئٹہ (آئی این پی) ترجمان صدر آصف علی زرداری وصوبائی وزیر زراعت وکوآپریٹو میر علی حسن زہری نے فیلڈ مارشل جنرل عاصم منیر کو ملک کے پہلے چیف آف ڈیفنس فورسز کے عہدے پر تقرری پر مبارکباد دی ہے۔ اپنے تہنیتی پیغام میں نیک خواہشات کا اظہار کرتے ہوئے میر علی حسن زہری نے کہا کہ فیلڈ مارشل جنرل عاصم منیر کی قائدانہ صلاحیتوں ......... بقیہ 46 صفحہ نمبر 7 پر

نے ملکی دفاع کے ساتھ معیشت کو بھی مضبوط بنایا ہے۔ انہوں نے کہا کہ موجودہ تقرری قومی سلامتی اور ملک کی ترقی کیلئے ناگزیر تھی۔ انہوں نے کہا کہ چیف آف ڈیفنس فورسز کی تعیناتی عصری اور جدید جنگی تقاضوں سے ہم آہنگ ہے اور اس سے ملک کا دفاع مزید بہتر ہوگا۔ میر علی حسن زہری نے اپنے بیان میں مزید کہا کہ پاک افواج نے فیلڈ مارشل جنرل عاصم منیر کی سربراہی میں دشمن کی ہر جارحیت کو ناکام بنا کر قوم کا سر فخر سے بلند کیا

## فیلڈ مارشل کی تقرری ملکی سلامتی کے تقاضوں کے عین مطابق ہے، سلیم کھوسہ

**جنرل سید عاصم منیر کا دور پاکستان میں امن، استحکام کی نئی راہیں کھولنے کا ذریعہ ثابت ہوگا، صوبائی وزیر**

**جنرل عاصم منیر کی زیر قیادت پاکستان عالمی سطح پر بھی زیادہ مضبوط اور فعال کردار ادا کرے گا**

نصیر آباد (آن لائن) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے پارلیمانی لیڈر اور صوبائی وزیر میر سلیم احمد خان کھوسہ نے ملک کے پہلے چیف آف ڈیفنس فورسز فیلڈ مارشل جنرل عاصم منیر کو منصب فائز ہونے پر دلی مبارکباد پیش کرکے فیلڈ مارشل جنرل عاصم منیر کی تقرری نہ صرف قوم کی امنگوں کی ترجمانی کرتی ہے بلکہ ملکی سلامتی کے تقاضوں اور موجودہ علاقائی صورتحال کے عین مطابق ایک تاریخی اور دور اندیش فیصلہ ہے انہوں نے کہا کہ پاکستان کی سرحدوں ......... بقیہ 43 صفحہ نمبر 7 پر

کی حفاظت کرنے والا ہر سپاہی اور ہر افسر فیلڈ مارشل جنرل عاصم منیر کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں، شفاف سوچ اور مضبوط قیادت پر بھرپور اعتماد رکھتا ہے ان کی قیادت میں پاک فوج نے قومی دفاع، امن وامان کے قیام اور دہشت گردی کے خاتمے کے حوالے سے جو واضح اور مضبوط پیغام دیا ہے، وہ پوری قوم کے لئے باعث فخر ہے صوبائی وزیر میر سلیم احمد خان کھوسہ نے مزید کہا کہ فیلڈ مارشل جنرل عاصم منیر کا وسیع وژن اور اسٹریٹجک سوچ مستقبل قریب میں ملکی دفاع کو مزید مضبوط بنانے کا سبب بنے گی ان کا دور پاکستان میں امن، استحکام اور ترقی کی نئی راہیں کھولنے کا ذریعہ ثابت ہوگا

## قوم کو اپنی مسلح افواج اور ان کی قیادت پر اعتماد ہے، نور محمد دمڑ

**سی ڈی ایف کے نئے عہدے سے دفاعی ہم آہنگی، کمانڈ اینڈ کنٹرول سسٹم مضبوط ہوگا، صوبائی وزیر**

کوئٹہ (خ ن) صوبائی وزیر خوراک و چیئرمین بلوچستان فوڈ اتھارٹی حاجی نور محمد دمڑ نے چیف آف آرمی اسٹاف فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کو ملک کے پہلے چیف آف ڈیفنس فورسز کے طور پر تعینات کیے جانے پر دلی مبارکباد پیش کی ہے اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کی خدمات، پیشہ ورانہ مہارت اور ملکی سلامتی کے لئے غیر متزلزل ......... بقیہ 37 صفحہ نمبر 7 پر

ل عزم انہیں اس اہم ترین منصب کے لئے بہترین انتخاب بناتا ہے صوبائی وزیر نے کہا کہ قوم کو اپنی مسلح افواج اور ان کی قیادت پر بھرپور اعتماد ہے، جبکہ چیف آف ڈیفنس فورسز کے نئے عہدے سے ملک میں دفاعی ہم آہنگی، کمانڈ اینڈ کنٹرول سسٹم مزید مضبوط ہوگا اور تینوں مسلح افواج میں بہترین کوآرڈی نیشن قائم ہوگی۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ فیلڈ مارشل عاصم منیر وطن عزیز کو درپیش اندرونی وبیرونی چیلنجز سے نمٹنے میں اپنی قائدانہ صلاحیتوں کو بھرپور انداز سے بروئے کار لائیں گے

## فیلڈ مارشل کو منصب سنبھالنے پر مبارکباد پیش کرتے ہیں، علی مردان ڈومکی

**جنرل سید عاصم منیر کی قومی سلامتی کے حوالے سے خدمات پوری قوم کا قابل فخر سرمایہ ہیں، سابق وزیر اعلیٰ**

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) سابق وزیر اعلیٰ بلوچستان میر علی مردان خان ڈومکی نے جنرل سید عاصم منیر کو چیف آف ڈیفنس فورسز کا منصب سنبھالنے پر دلی مبارکباد پیش کی ہے اپنے ایک پیغام میں انہوں نے کہا کہ جنرل عاصم منیر کی قائدانہ صلاحیتیں، پیشہ ورانہ تجربہ، جرات مندانہ فیصلے اور قومی سلامتی کے حوالے سے شاندار خدمات پوری قوم کا قابل فخر سرمایہ ......... بقیہ 69 صفحہ نمبر 7 پر

ہیں انہوں نے کہا کہ پاکستان اس وقت جس نوعیت کے علاقائی اور داخلی چیلنجز سے گزر رہا ہے، ایسے میں جنرل عاصم منیر کی قیادت میں ملکی دفاع مزید مضبوط، منظم اور موثر انداز میں آگے بڑھے گا میر علی مردان خان ڈومکی نے اس امید کا اظہار کیا کہ جنرل عاصم منیر کی سربراہی میں مسلح افواج وطن عزیز کے دفاع، استحکام اور عوام کے تحفظ کیلئے اپنی روایتی پیشہ ورانہ ذمہ داریاں اسی جذبے کے ساتھ سرانجام دیتی رہیں گی انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ جنرل عاصم منیر کو اپنے فرائض احسن طریقے سے ادا کرنے کی توفیق عطاء فرمائے اور پاکستان کو امن، ترقی اور استحکام کی راہ پر ہمیشہ قائم رکھے۔

## فیلڈ مارشل کی تعیناتی پاکستان کے دفاعی نظام میں اہم قدم ہے، سردار کھیتران

**سید عاصم منیر ایک باصلاحیت، تجربہ کار اور دور اندیش عسکری قائد ہیں، صوبائی وزیر پی ایچ ای**

کوئٹہ (خ ن) صوبائی وزیر سردار عبدالرحمان نے چیف آف آرمی اسٹاف فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کو ملک کے پہلے چیف آف ڈیفنس فورسز کے طور پر تعینات کئے جانے پر دلی مبارکباد پیش کی ہے صوبائی وزیر نے کہا کہ فیلڈ مارشل عاصم منیر کی تعیناتی پاکستان کے دفاعی نظام میں ایک تاریخی اور انتہائی اہم قدم ہے، جو ملکی سلامتی، مضبوط کمان اسٹرکچر اور تینوں مسلح افواج کے درمیان موثر رابطے کی نئی بنیاد رکھے گا صوبائی وزیر کا کہنا تھا کہ فیلڈ مارشل ......... بقیہ 47 صفحہ نمبر 7 پر

سید عاصم منیر ایک باصلاحیت، تجربہ کار اور دور اندیش عسکری قائد ہیں جنہوں نے ہمیشہ ملکی سلامتی، پروفیشنل ازم اور قومی مفاد کو مقدم رکھا ہے۔ ان کی بطور چیف آف ڈیفنس فورسز تعیناتی سے دفاعی حکمت عملی کو مزید تقویت ملے گی اور پاکستان کے دفاعی اداروں میں مربوطی اور ہم آہنگی بڑھے گی۔ انہوں نے اس فیصلے کو ملک کے بہترین مفاد میں قرار دیتے ہوئے امید ظاہر کی کہ فیلڈ مارشل سید عاصم منیر اپنی قیادت میں پاکستان کی مسلح افواج کو جدید تقاضوں کے مطابق مزید مضبوط اور متحرک بنانے میں اہم کردار ادا کریں گے۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. ۱

Dated: 06 DEC 2025 Page No. 15

## فیلڈ مارشل کی تعیناتی کا فیصلہ مسلح افواج کی قابلیت کا مظہر ہے' عاصم کرد گیلو

### سید عاصم منیر نے ہر موقع پر ملک و قوم کی حفاظت میں نمایاں کردار ادا کیا' صوبائی وزیر ریونیو

کوئٹہ (اے این این) صوبائی وزیر ریونیو میر عاصم کرد گیلو نے چیف آف ڈیفنس فورسز کے عہدے پر فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کی تعیناتی پر مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ یہ فیصلہ قوم کے اعتماد اور مسلح افواج کی قابلیت کا مظہر ہے۔ انہوں نے کہا کہ فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے ہر موقع پر ملک و قوم کی حفاظت میں نمایاں کردار ادا کیا ہے۔ میر عاصم کرد گیلو نے کہا کہ دشمن کی جارحیت کے مقابلے میں پاک افواج نے ان کی قیادت میں ہمیشہ ٹھوس، جراتمندانہ اور موثر کاررو........ بقیہ 49 صفحہ نمبر 7 پر

ائیاں کیں، جس کا اعتراف عالمی سطح پر بھی کیا جاتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ تینوں مسلح افواج کے درمیان مضبوط ہم آہنگی اور مشترکہ حکمت عملی ملک کے دفاع کو ناقابل تسخیر بنائے گی۔ انہوں نے ائیر چیف ظہیر بابر سدھو کی مدت ملازمت میں توسیع کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا کہ پاک فضائیہ نے ان کی قیادت میں خطے کے بدلتے حالات میں بہترین دفاعی پالیسی اپنائی اور دشمن کے عزائم ناکام بنائے۔

## فیلڈ مارشل کی تعیناتی پاکستان کیلئے مثبت سمت کی عکاس ہے' شعیب نوشیروانی

### سید عاصم منیر نے حساس مواقعوں پر جراتمندانہ حکمت عملی سے ملک کو محفوظ رکھا' صوبائی وزیر

کوئٹہ (اے این این) صوبائی وزیر خزانہ میر شعیب نوشیروانی نے فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کو چیف آف ڈیفنس فورسز کے منصب پر تعیناتی پر دل کی گہرائیوں سے مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ ان کی تعیناتی پاکستان کیلئے مثبت سمت کی عکاس ہے فیلڈ مارشل عاصم منیر نے ماضی میں بھی انتہائی حساس مواقع پر جراتمندانہ حکمت عملی سے ملک کو محفوظ رکھنے میں اہم کردار ادا کیا' یہ بات انہوں نے بیان جاری کرتے ہوئے کہی' میر شعیب نوشیروانی نے کہا کہ قوم ان کی ........ بقیہ 53 صفحہ نمبر 7 پر

قائدانہ صلاحیتوں پر مکمل اعتماد رکھتی ہے انہوں نے کہا کہ ان کی کمان میں مسلح افواج نے جس طرح دہشتگردی کے خلاف کارروائیاں کیں، وہ بلاشبہ ملک کے امن و استحکام کیلئے سنگ میل ہیں۔ انہوں نے کہا کہ چیف آف ڈیفنس فورسز کی تعیناتی سے ملکی دفاع مزید مضبوط ہوگا وزیر خزانہ نے ائیر چیف ظہیر بابر سدھو کی مدت ملازمت میں توسیع کو بھی خوش آئند قرار دیا اور کہا کہ ان کی سربراہی میں پاک فضائیہ نے دفاعی میدان میں شاندار کارکردگی دکھائی انہوں نے کہا کہ دنیا پاک فضائیہ کی قابلیت اور تیز رفتار ردعمل کی معترف ہے۔

## سید عاصم منیر کو سی ڈی ایف بنانے کا فیصلہ خوش آئند ہے' ولی نورزئی

### فیلڈ مارشل کی قومی خدمات پاکستان کو ایک نئے دفاعی استحکام کی جانب لے جائیں گی' پارلیمانی سیکرٹری

کوئٹہ (یو این اے) پاکستان مسلم لیگ ن کے رکن صوبائی اسمبلی و پارلیمانی سیکرٹری برائے سوشل ویلفیئر حاجی ولی محمد نورزئی نے چیف آف آرمی اسٹاف، فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کو ملک کے پہلے چیف آف ڈیفنس فورسز کے منصب پر تعیناتی پر شاندار الفاظ میں مبارکباد دی ہے انہوں نے اسے ملکی دفاع، ادارہ جاتی ہم آہنگی اور اسٹراٹیجک کمانڈ کے مضبوط........ بقیہ 63 صفحہ نمبر 7 پر

ترین دور کا آغاز قرار دیتے ہوئے کہا کہ فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کی بصیرت، قومی خدمات اور پیشہ ورانہ صلاحیتیں پاکستان کو ایک نئے دفاعی استحکام کی جانب لے جائیں گی حاجی ولی محمد نورزئی نے کہا کہ پوری قوم اس تقرری کو ملکی سلامتی، نظم و ضبط اور دفاعی پروگرام کیلئے غیر معمولی پیش رفت سمجھتی ہے، اور یہ فیصلہ پاکستان کو جدید دفاعی تقاضوں سے ہم آہنگ کرنے میں سنگ میل ثابت ہوگا۔

## فیلڈ مارشل کی تعیناتی خوش آئند ہے' بخت محمد کاکڑ

### صوبے میں پہلی ادویات کی نگرانی ڈیجیٹل سسٹم کے ذریعے کی جائے گی' صوبائی وزیر صحت

کوئٹہ (اے این این) صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ نے چیف آف آرمی اسٹاف، فیلڈ مارشل عاصم منیر کو ملک کے پہلے چیف آف ڈیفنس فورسز کے عہدہ پر تعیناتی پر مبارکباد اور نیک خواہشات کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کی بطور چیف آف ڈیفنس فورسز تعیناتی خوش آئند ہے۔ فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کی بطور چیف آف ڈیفنس فورسز تعیناتی ان کی قائدانہ صلاحیتوں کا مظہر ہے بلوچستان کے عوام بنیادی صحت کی سہولیات........ بقیہ 52 صفحہ نمبر 7 پر

کے حقدار ہیں اور حکومت انہیں بہتر سے بہتر طبی ماحول دینے کیلئے بھرپور اقدامات کر رہی ہے' یہ بات انہوں نے بیان جاری کرتے ہوئے کہی' انہوں نے کہا کہ صوبے کے دور دراز علاقوں تک جدید صحت سہولیات پہنچانا حکومت کی اولین ترجیح ہے اس مقصد کیلئے صوبے کے 21 اضلاع میں ریسکیو میڈیکل یونٹس، موبائل ہیلتھ لیبارٹریز، ٹیلی میڈیسن مراکز اور بنیادی صحت یونٹس کی اپ گریڈیشن کے منصوبے شروع کر دیے گئے ہیں بخت محمد کاکڑ نے کہا کہ صوبے میں پہلی بار ہسپتالوں میں ادویات کی نگرانی مکمل طور پر ڈیجیٹل سسٹم کے ذریعے کی جائے گی تاکہ بدانتظامی، قلت اور غیر ضروری تاخیر کا خاتمہ ہو سکے۔ انہوں نے کہا کہ ڈاکٹروں اور نرسز کی پیشہ ورانہ استعداد بڑھانے کیلئے تربیتی پروگرام ترتیب دیے گئے ہیں جبکہ صوبے میں نئے طبی عملے کی بھرتی بھی جلد مکمل کی جائے گی۔

## پیپلز پارٹی بلدیاتی انتخابات میں بھرپور کامیابی حاصل کرے گی' میر لیاقت لہڑی

### انتخابی مہم میں پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی، صوبائی اور ضلعی رہنما حصہ لیں گے' صمد گورگیج

### بلدیاتی نظام سے عوام کے مسائل انکی دہلیز پر حل کرنے میں مدد ملے گی' نجے کمار، ثناء اللہ جتک

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان پیپلز پارٹی کے رہنماؤں نے کہا ہے کہ کوئٹہ کے بلدیاتی انتخابات میں پیپلز پارٹی خدمت کے جذبے کے تحت حصہ لے رہی ہے بلدیاتی انتخابات میں پارٹی بھرپور کامیابی حاصل کرے گی، حلقہ پی بی 44 سمیت کوئٹہ میں مخلص امیدواروں کو پارٹی ٹکٹ جاری کیے گئے ہیں یہ بات پاکستان پیپلز پارٹی کے رہنما و پارلیمانی لیڈر میر لیاقت لہڑی، پارلیمانی سیکرٹری سردارزادہ صمد گورگیج، ایم پی اے نجے کمار، پیپلز پارٹی کے ........ بقیہ 65 صفحہ نمبر 7 پر

صوبائی رہنماؤں ثناء اللہ جتک، سردار عمران بنگلزئی، سردار اکرم بنگلزئی، ابرار جعفر، میر خدائے نظر کبدانی لعل محمد جتک، ربانی خلجی، دوست محمد رکی، میر عبدالنبی سمالانی نے رکن صوبائی اسمبلی حاجی عبداللہ گورگیج کی رہائش گاہ پر حلقہ پی بی 44 چلتن ٹاؤن کے پیپلز پارٹی کے نامزد امیدواروں کو ٹکٹ جاری کرنے کے موقع پر منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہی مقررین نے کہا کہ پیپلز پارٹی کی صوبائی قیادت نے حلقہ پی بی 44 چلتن ٹاؤن کے بلدیاتی انتخابات میں حصہ لینے والے ایسے امیدواروں کا انتخاب کیا ہے جو عوام کی پارٹی پالیسی کے مطابق عوام کی بلا رنگ ونسل خدمت کو یقینی بنائیں انہوں نے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی نے کوئٹہ کے تمام وارڈز کے بلدیاتی انتخابات میں حصہ لینے امیدواروں کو پارٹی ٹکٹ جاری کر دیے ہیں اور اب باقاعدہ انتخابی مہم شروع کی جائے گی انتخابی مہم میں پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی، صوبائی اور ضلعی رہنما حصہ لیں گے انہوں نے کہا کہ کوئٹہ کے بلدیاتی انتخابات کے انعقاد سے عوام کے مسائل انکی دہلیز پر حل کرنے میں مدد ملے گی پاکستان پیپلز پارٹی نے اپنے قیام سے لیکر آج تک عوام کے حقوق کیلئے جدوجہد کی ہے اور عوام کے حقوق کیلئے پارٹی قائدین اور کارکنوں نے اپنی جانوں کے نذرانے پیش کیے لیکن کبھی بھی اصولوں پر سودے بازی نہیں کی انہوں نے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی کے جیالے پارٹی امیدواروں کی کامیابی کیلئے عوام سے قریبی رابطہ رکھیں اور امیدواروں کی ڈور ٹو ڈور انتخابی کمپین چلائیں انہوں نے کہا کہ حلقہ پی بی 44 سمیت پورے کوئٹہ میں پیپلز پارٹی فعال و منظم ہے اور انشاء اللہ بلدیاتی انتخابات میں پارٹی کے امیدوار بھاری اکثریت سے کامیابی حاصل کریں گے۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 1

Dated: 06 DEC 2025 Page No. 16

# ماحولیاتی آلودگی چیلنج، پانی کے ذخائر کم ہو رہے ہیں، نسیم الرحمن ملاخیل

## کوئٹہ میں زیرزمین پانی کی سطح خطرناک حد تک نیچے جارہی ہے، حکومت نے فوری، درمیانی اور طویل مدتی اقدامات کا آغاز کر دیا، صوبائی مشیر

## حکومت و عوام مل کر قدم اٹھائیں تو بلوچستان کو ماحولیاتی بگاڑ اور موسمیاتی تبدیلی کے خطرات سے محفوظ بنایا جاسکتا ہے، وفود سے گفتگو

کوئٹہ (خ ن) صوبائی مشیر ماحولیات و موسمیاتی تبدیلی نسیم الرحمان خان ملاخیل سے مختلف سماجی تنظیموں، ماہرینِ ماحولیات اور شہری نمائندوں پر مشتمل وفود نے ملاقات کی، جس میں صوبے کی مجموعی ماحولیاتی صورتحال، موسمیاتی تبدیلی کے بڑھتے اثرات اور مستقبل کی حکمت عملی پر تفصیلی بات چیت ہوئی اس موقع پر صوبائی مشیر نے بتایا کہ بلوچستان اس وقت شدید ماحولیاتی چیلنجز کا سامنا کر رہا ہے کم بارشوں کے باعث متعدد اضلاع میں پانی کے ذخائر تیزی سے کم ہو رہے ہیں جبکہ کوئٹہ میں زیرزمین پانی کی سطح خطرناک حد تک نیچے جا رہی ہے، ......... بقیہ 40 صفحہ نمبر 7 پر

جس پر حکومت نے فوری، درمیانی اور طویل مدتی اقدامات کا آغاز کر دیا ہے انہوں نے کہا کہ صوبے میں ماحول دوست پالیسی سازی کیلئے کلائمٹ چینج پالیسی 2024 نافذ کر دی گئی ہے جس کے لئے 500 ملین روپے مختص کیے گئے ہیں، یہ پالیسی نہ صرف موجودہ مسائل سے نمٹنے میں معاون ثابت ہوگی بلکہ آنے والی نسلوں کے لئے پائیدار ماحول کی بنیاد بھی فراہم کرے گی۔ ملاقات کے دوران نسیم الرحمان ملاخیل نے حکومت کے حالیہ ماحولیاتی اصلاحاتی اقدامات کا ذکر کرتے ہوئے بتایا کہ صوبے میں پلاسٹک بیگز کے استعمال پر مرحلہ وار پابندی نافذ کی جارہی ہے،

# فیلڈ مارشل کی بطور CDF تعیناتی ملکی دفاع کیلئے انتہائی اہم ہے، امیر حمزہ زہری

## صوبائی مشیر بلدیات نے فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کو پاکستان کا پہلا چیف آف ڈیفنس فورسز مقرر کیے جانے پر مبارکباد پیش کی

## خود اعتمادی اور ہم آہنگی سے لیس پاکستان کی افواج اس قیادت میں دشمن کو عبرتناک شکست دینے کی ہر ممکن صلاحیت رکھتی ہیں

کوئٹہ (آن لائن) صوبائی مشیر بلدیات و دیہی ترقی نوابزادہ امیر حمزہ خان زہری نے فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کو پاکستان کا پہلا چیف آف ڈیفنس فورسز (CDF) مقرر کیے جانے پر تہہ دل سے مبارکباد پیش کی اور انہوں نے اس فیصلے کو ملکی دفاع اور قومی سالمیت کے نقطہ نظر سے انتہائی اہم قرار دیا ہے صوبائی مشیر نوابزادہ امیر حمزہ زہری نے کہا کہ فیلڈ مارشل عاصم منیر کی قائدانہ صلاحیتیں، عزم و بصیرت اور فرائض کی انجام دہی میں بے مثال مثالی رہی ہیں۔ ان کی تقرری عصری اور جدید جنگی تقاضوں سے ہم آہنگ ہے انہوں نے کہا کہ خود اعتمادی اور ہم آہنگی سے لیس پاکستان کی افواج اس قیادت میں دشمن کو عبرتناک شکست دینے کی ہر ممکن صلاحیت رکھتی ہیں انہوں نے امید ظاہر کرتے ہوئے کہا کہ چیف آف ڈیفنس فورسز کی قیادت میں بری، بحری اور فضائی افواج کے مابین ہم آہنگی بہتر ہوگی اور وطن عزیز کی سرحدوں کی حفاظت مزید مستحکم ہوگی صوبائی مشیر نوابزادہ امیر حمزہ زہری نے ائیر چیف ظہیر بابر سدھو کی مدت ملازمت میں توسیع پر بھی نیک خواہشات کا اظہار کیا اور کہا کہ پاک فضائیہ کی مضبوط کارکردگی اور دفاعی استعداد نے خطے میں پاکستان کا نام روشن کیا ہے صوبائی مشیر بلدیات و دیہی ترقی نے زور دیا کہ ملک کے تمام ادارے مل کر جمہوری اور دفاعی ذمہ داریوں کو احسن طریقے سے نبھائیں، تاکہ پاکستان کو دفاعی طور پر ناقابل تسخیر بنایا جاسکے اور ترقی، خوشحالی کے راستے مزید واضح ہوں۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 2

Dated: 06 DEC 2025 Page No. 17

# محکمہ صنعت و تجارت بلوچستان نے مائنز اینڈ منرلز کو انڈسٹری کا درجہ دیدیا

بلوچستان انڈسٹریل ڈویلپمنٹ اینڈ ریگولیشن ایکٹ 2025ء کے تحت مائنز اینڈ منرلز کو انڈسٹری کا دیدیا گیا' حکومت کی جانب سے نوٹیفکیشن جاری

ایوان صنعت و تجارت صوبے میں قانونی تجارت کے فروغ ومشکلات وچیلنجز سے نمٹنے کیلئے ہمہ وقت تیار ہے' محمد ایوب مریانی، حاجی اختر کاکڑ، میر واکس کاکڑ

کوئٹہ (آئی این پی) محکمہ صنعت وتجارت بلوچستان نے مائنز اینڈ منرلز کو انڈسٹری کا درجہ دیدیا ہے۔اس سلسلے میں ڈپٹی سیکرٹری انڈسٹریز اینڈ کامرس بلوچستان سمیع اللہ آغا کے دستخط سے جاری شدہ نوٹیفکیشن NO.SOCOM/IND/3-11/2025/4032-47 میں کہا گیا ہے کہ بلوچستان انڈسٹریل ڈیولپمنٹ اینڈ ریگولیشن ایکٹ 2025 کے سیکشن 4 کے تحت مائنز اینڈ منرلز کو انڈسٹری کا درجہ دیدیا گیا ہے۔ایوان صنعت وتجارت کوئٹہ بلوچستان کے صدر محمد ایوب مریانی، سینئر نائب صدر حاجی اختر کاکڑ او ........

بقیہ 51 صفحہ نمبر 7 پر

ر نائب صدر انجینئر میر واکس خان کاکڑ و دیگر نے مائنز اینڈ منرلز کو انڈسٹری کا درجہ دینے کے حکومتی احکامات کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا ہے کہ یہ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کوئٹہ بلوچستان کے عہدیداران وممبران اور مائنز اینڈ منرلز شعبے سے وابستہ افراد کا دیرینہ مطالبہ تھا اور اس سلسلے میں ایوان صنعت وتجارت کے عہدیداران وممبران روز اول سے ہی ہر فورم پر صدائے حق بلند کرتے رہے ہیں بلکہ اس سلسلے میں ایف پی سی سی آئی کے نائب صدر ناصر خان کی جانب سے بھی بھرپور کاوشیں کی گئی ہیں ہمیں خوشی ہے کہ ہم نے بلوچستان کی بزنس کمیونٹی اور خاص کر مائنز اینڈ منرلز کے ساتھ کیا ایک اور وعدہ پورا کردیا ہے۔انہوں نے کہا ہے کہ ایوان صنعت وتجارت کوئٹہ بلوچستان صوبے میں قانونی تجارت کے فروغ اور بزنس کمیونٹی کو درپیش مشکلات وچیلنجز سے نمٹنے کیلئے ہمہ وقت تیار ہے بلکہ اس بابت ہر ممکن کردار ادا کرتی رہے گی۔

# مچھ جیل میں جلائی گئی کپڑا فیکٹری دوبارہ بحال کرنے کا فیصلہ

محکمہ جیل خانہ جات کے حکام اور نجی ادارے کے مابین ایم او یو پر دستخط

2010 میں قیدیوں کی ہنگامہ آرائی میں فیکٹری کو نذر آتش کیا گیا تھا

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان کی مچھ جیل میں پندرہ سال قبل جلائی گئی کپڑا فیکٹری کو بحال کرنے کا فیصلہ کرلیا گیا، محکمہ جیل خانہ جات کے حکام اور نجی ادارے کے........

بقیہ 16 صفحہ نمبر 7 پر

درمیان معاہدے پر دستخط ہوگئے مچھ جیل میں فیکٹری کی بحالی کے بعد قید بامشقت کی سزا کے قیدی سے فیکٹری میں مشقت لی جائے گی۔محکمہ جیل خانہ جات کے حکام کے مطابق 2010 میں بلوچستان کی مچھ جیل میں قیدیوں کی ہنگامہ آرائی کے دوران کپڑا بنانے والی فیکٹری کو نذر آتش کروایا گیا تھا

# فیلڈ مارشل عاصم منیر کی تقرری سے مسلح افواج کے درمیان ہم آہنگی فروغ پائے گی، صباء خان کاکڑ

قوم جرات مندانہ قیادت، غیر متزلزل عزم اور بہادری پر فخر کرتی ہے، ڈپٹی انفارمیشن سیکرٹری پی پی

کوئٹہ (آن لائن) صوبائی ڈپٹی انفارمیشن سیکرٹری پاکستان پیپلز پارٹی ویمن بلوچستان صباء خان کاکڑ نے فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کو پاکستان کے پہلے چیف آف ڈیفنس فورسز کے طور پر تعیناتی پر دلی مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ یہ فیصلہ نہ صرف خوش آئند ہے بلکہ ملک وقوم کے لیے ان کی غیر معمولی پیشہ ورانہ خدمات اور قیادت کا اعتراف بھی ہے۔صباء خان کاکڑ نے اپنے پیغام میں کہا کہ فیلڈ مارشل عاصم منیر کی تقرری مسلح افواج کے درمیان ہم آہنگی، مربوط حکمت عملی اور دفاعی ڈھانچے کو مزید مضبوط بنانے میں سنگ میل ثابت ہوگی۔انہوں نے کہا کہ قوم اُن کی جرات مندانہ قیادت، غیر متزلزل عزم اور بہادری پر پوری طرح فخر کرتی ہے،اور یہ اعتماد رکھتی ہے کہ ان کی سربراہی میں پاکستان کی تینوں مسلح افواج قومی سلامتی کے ہر چیلنج کا موثر انداز میں مقابلہ کرتی رہیں گی۔صباء خان کاکڑ نے اس بات پر بھی روشنی ڈالی کہ فیلڈ مارشل عاصم منیر کی قیادت میں پاکستان کی مسلح افواج نے عالمی سطح پر اپنی پیشہ ورانہ استعداد کا لوہا منوایا۔

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

**DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN**

…مت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

**Daily JANG QUETTA**

Bullet No. 2

Dated 06 DEC 2025 Page No. 1

## DIG بلوچستان اشفاق عالم تبدیل: اسٹیبلشمنٹ ڈویژن رپورٹ کی ہدایت

### علی بخش شر بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام میں تعینات، نیپا پشاور میں تعینات ساجد خان کی خدمات ایف بی آر کو واپس

اسلام آباد (رانا غلام قادر) وفاقی بیوروکریسی میں تقرر و تبادلے، بلوچستان میں تعینات پولیس سروس گریڈ 20 کے افسر DIG اشفاق عالم تبدیل، اسٹیبلشمنٹ ڈویژن رپورٹ کرنے کی ہدایت جاری۔ تقرری کے منتظر سیکریٹریٹ گروپ گریڈ 20 کے افسر میر افضل خان جوائنٹ سیکریٹری نیشنل سیکیورٹی، اقصیٰ لیاقت ڈپٹی سیکرٹری موسمیاتی تبدیلی، وفاقی وزارت تعلیم کے اسسٹنٹ ڈائریکٹر خان زیب کو تین سال کیلئے ڈیپوٹیشن پر این ڈی ایم اے میں بطور اسسٹنٹ ڈائریکٹر، محکمہ تعلیم سندھ کے افسر علی بخش شر کو تین سال کیلئے ڈیپوٹیشن پر بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام میں اسسٹنٹ ڈائریکٹر تعینات کیا گیا۔ نیپا پشاور نے پاکستان کسٹم سروس کے گریڈ 18 کے افسر ساجد خان کی خدمات ایف بی آر کو واپس کر دیں۔

## پنجگور: بجلی کے مسائل، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر کی صدارت میں اجلاس

پنجگور (نامہ نگار) ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر پنجگور واجہ عطا اسد کی صدارت میں بجلی کے مسائل سے متعلق اجلاس ہوا جس میں ایس ڈی او واپڈا احمد فاضل محمد اقبال عطاء اللہ رند انجمن تاجران پنجگور کے صدر فرید احمد و لعل دوست سماجی رہنما عادل ارباب و دیگر شریک ہوئے عطا اسد نے ایس ڈی او واپڈا کو ہدایت کی کہ پنجگور کے عوام بجلی نہ ہونے کی وجہ سے جس تکلیف میں مبتلا ہیں فوری طور پر اس کا حل تلاش کیا جائے ایس ڈی او واپڈا احمد فاضل نے کہا کہ چتکان فیڈر تسپ فیڈر اور تبلیغی فیڈر خدا آبادان میں لوڈ حد سے زیادہ ہے اگر پنجگور کے نمائندے نئے فیڈرز کی منظوری لے لیں تو لوڈشیڈنگ کا دورانیہ کم ہوسکتا ہے دوسری طرف پنجگور کے لوگ ایک تو بلز جمع نہیں کرتے ہیں دوسری طرف بجلی کا ناجائز استعمال بھی کررہے ہیں اس وقت پنجگور کے عوام کروڑوں کے مقروض ہیں اجلاس میں عوام سے اپیل کی گئی کہ واپڈا کے بلز ادا کیے جائیں۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

امت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUET..

Bullet No. 2

Dated: 06 DEC 2025

Page No.


# وڈیرہ نور علی چاکرانی نے اپنے 100 سے زائد ساتھیوں کے ہمراہ ہتھیار ڈال دیئے

پاکستان سے وفاداری کا حلف

تقریب وزیراعلیٰ کے بھائی میر آفتاب بگٹی اور قبائلی عمائدین کی موجودگی میں ہوئی، فراریوں کا ریاست پر اعتماد مثبت سوچ کا مظہر ہے، عمائدین

اصل عز... مزاحمت میں نہیں امن میں ہے، پہاڑوں میں موجود دیگر لوگ بھی قومی دھارے میں شامل ہو جائیں، تقریب میں اپیل

ڈیرہ بگٹی (نامہ نگار) پاکستان ہاؤس سوئی میں وڈیرہ نور علی چاکرانی نے اپنے 100 سے زائد ساتھیوں سمیت ریاست کے سامنے ہتھیار ڈال دیئے ہیں یہ اقدام علاقے میں امن وامان کی بحالی کے لیے نہایت اہم سنگ میل قرار دیا جا رہا ہے۔ تفصیلات کے مطابق یہ کارروائی حساس اداروں کی سربراہی میں پاکستان ہاؤس سوئی میں وزیر اعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی کے بھائی میر آفتاب بگٹی اور

باقی صفحہ 6 نمبر 61

قبائلی عمائدین کی موجودگی میں ہوئی۔ ہتھیار ڈالنے والے افراد نے پاکستان سے وفاداری کا حلف بھی اٹھایا اس موقع پر متعلقہ حکام نے اسے ڈیرہ بگٹی میں دیرپا امن اور استحکام کے لیے ایک بڑی کامیابی قرار دیا اور کہا سابق فراریوں کا ریاست پر اعتماد کا اظہار اور قومی دھارے میں واپسی نہ صرف ان کی مثبت سوچ کا مظہر ہے بلکہ یہ ڈیرہ بگٹی کے امن، ترقی اور ہم آہنگی کے لیے بھی خوش آئند قدم ہے۔ مقامی عمائدین اور سماجی حلقوں نے اس اقدام کو سراہتے ہوئے کہا کہ اصل عزت اور ترقی امن میں ہے، مزاحمت میں نہیں اس موقع پر اُن افراد کے لیے بھی خصوصی اپیل جاری کی گئی جو اب بھی پہاڑوں میں موجود ہیں کہ وہ واپس آ کر قومی دھارے میں شامل ہوں اور اپنے خاندانوں کے روشن مستقبل کی خاطر امن کو ترجیح دیں حکام کا کہنا تھا کہ ڈیرہ بگٹی کافی عرصے سے بے چینی، بھتہ خوری اور عدم استحکام کا شکار رہا ہے، اب وقت ہے کہ یہ سلسلہ ہمیشہ کے لیے ختم ہو سرنڈر کرنے والے 100 سے زائد افراد کی واپسی کو امید کی کرن قرار دیتے ہوئے مقامی قیادت نے کہا کہ ڈیرہ بگٹی کی ترقی تبھی ممکن ہے جب تمام لوگ ایک ساتھ کھڑے ہوں اور مشترکہ طور پر امن و خوشحالی کے سفر میں شامل ہوں ڈیرہ بگٹی کے عوام نے بھی اس فیصلے کا خیر مقدم کرتے ہوئے امید ظاہر کی ہے کہ یہ اقدام خطے کے حالات کو معمول پر لانے میں اہم کردار ادا کرے گا اور آنے والی نسلوں کو ایک پرامن اور روشن مستقبل فراہم کرے گا۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 3

Dated: 06 DEC 2025

Page No. 20

# فیلڈ مارشل نے ہمیشہ ملکی سلامتی اور وقار کو ترجیح دی، صادق عمرانی، علی مدد جتک

## جنرل عاصم منیر کی بطور چیف آف ڈیفنس فورسز تقرری خطے میں طاقت کے توازن اور امن کیلئے سنگ میل ثابت ہوگی

## حکومتی فیصلے کے مستقبل میں دوررس نتائج برآمد ہونگے، آرمی چیف منظم اور پیشہ ورانہ صلاحیتوں کے حامل ہیں، بیان

کوئٹہ (خ ن) پیپلز پارٹی کی سینٹرل کمیٹی کے رکن و پارلیمانی لیڈر اور صوبائی وزیر آبپاشی میر محمد صادق عمرانی اور مرکزی رہنما و ایم پی اے حاجی علی مدد جتک نے پاکستان کے پہلے چیف آف ڈیفنس فورسز فیلڈ مارشل جنرل عاصم منیر کی تقرری پر انہیں دلی مبارکباد پیش کی ہے، اپنے ایک تہنیتی پیغام میں انہوں نے کہا کہ جنرل عاصم منیر کی اس اہم عہدے پر تقرری ملکی دفاع، قومی سلامتی، خطے میں طاقت کے توازن اور امن کے قیام میں سنگ میل ثابت ہوگی، فیلڈ مارشل جنرل عاصم منیر کی پیشہ ورانہ امور میں مہارت اور قائدانہ صلاحیتوں کی وجہ سے پاک فوج کا ......... بقیہ 62 صفحہ نمبر 7 پر

شمار دنیا کے بہترین افواج میں ہوتا ہے، انہوں نے کہا فیلڈ مارشل عاصم منیر نے بھارتی جارحیت کے خلاف ایک بہترین جنگی حکمت عملی سے نہ صرف ملک کے دفاع کو مضبوط بنایا بلکہ پوری قوت سے دشمن ملک پر حملہ کر کے اس کے دراندازی کا موثر جواب بھی دیا، میر محمد صادق عمرانی نے نیک خواہشات کا اظہار کرتے ہوئے امید ظاہر کی کہ فیلڈ مارشل عاصم منیر بطور چیف آف ڈیفنس فورسز اپنی بہترین صلاحیتوں سے عالمی سطح پر افواج پاکستان کی کارکردگی کو مزید بہتر بنانے کے ساتھ ساتھ ملکی تعمیر و ترقی اور عوام کی خوشحالی کیلئے بھی خدمات انجام دیں گے، جنرل عاصم منیر ایک دلیر، منظم اور اعلیٰ پیشہ ورانہ صلاحیتوں کے حامل افسر ہیں جنہوں نے ہمیشہ قومی سلامتی، خودمختاری اور ملکی وقار کو اولین ترجیح دی ہے ان کا کہنا تھا کہ پاکستان کی ترقی، استحکام اور درپیش خطرات سے نمٹنے کیلئے بلوچستان کے غیور عوام فیلڈ مارشل عاصم منیر کے شانہ بشانہ کھڑے ہو کر کسی بھی قربانی سے دریغ نہیں کریں گے۔ حکومتِ پاکستان کا جنرل عاصم منیر کو چیف آف ڈیفنس فورسز کے منصب پر تعینات کرنے کا فیصلہ نہایت اہمیت کا حامل ہے

# حکومت شہریوں کو اداروں کی طاقت و غیر ضروری اقدامات سے محفوظ رکھے، نواب رئیسانی

## اسپلنجی اور گونڈین کو بلڈوز کرنے کا عمل بنیادی انسانی حقوق کی سنگین خلاف ورزی اور قبائلی روایات اور رواج کو پامال کرتا ہے، سابق وزیراعلیٰ

## ایسے اقدامات شہریوں کے اعتماد کو ٹھیس پہنچانے کیساتھ معاشرتی توازن کو بھی متاثر کرتے ہیں حکومت ایسی کارروائیوں سے گریز کرے، چیف آف ساراوان

کوئٹہ (یو این اے) چیف آف ساراوان اور سابق وزیراعلیٰ نواب محمد اسلم رئیسانی نے مستونگ کے دو قبائلی دیہاتوں اسپلنجی اور گونڈین کو حکومت کی جانب سے بلڈوز کیے جانے کے اقدام کو شدید تنقید کا نشانہ بنایا ہے انہوں نے سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس پر اپنے بیان میں کہا کہ یہ عمل بنیادی انسانی حقوق کی سنگین خلاف ورزی کے مترادف ہے اور طویل عرصے سے قائم قبائلی روایات اور رواج کو پامال کرتا ہے نواب رئیسانی نے کہا کہ گھروں اور معاش کے خلاف یہ حملہ صرف جسمانی نقصان نہیں بلکہ حکومت کی یہ بنیادی ذمہ داری بھی پاما......... بقیہ 50 صفحہ نمبر 7 پر

ل کرتا ہے کہ وہ اپنے شہریوں کو طاقتور اداروں یا دیگر غیر ضروری اقدامات سے محفوظ رکھے انہوں نے کہا کہ ایسے اقدامات شہریوں کے حکومت پر اعتماد کو کمزور اور معاشرتی توازن کو بھی متاثر کرتے ہیں انہوں نے حکومت سے فوری اپیل کی کہ وہ اس طرح کی کارروائیوں سے گریز کرے اور قبائلی علاقوں میں امن، انصاف اور انسانی حقوق کو یقینی بنائے تاکہ شہریوں کا حکومت پر اعتماد قائم رہے نواب محمد اسلم رئیسانی نے اس موقع پر کہا کہ قبائلی آبادی کے حقوق اور روایات کا تحفظ حکومت کی اولین ذمہ داری ہے اور حکومت کو اس میں کسی قسم کی غفلت برتنے کی اجازت نہیں دی جانی چاہئے۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 3 Dated: 06 DEC 2025 Page No. 21

## سیاسی پارٹیوں نے قومی معاملات پر سمجھوتہ کرکے سرزمین کی توہین کی، لشکری رئیسانی

عوامی سیاست کو منظم کر کے صوبے کے اجتماعی قومی مفاد میں سنجیدگی کیساتھ سیاسی عمل میں آگے بڑھیں گے، سینئر سیاستدان و سابق سینیٹر

عوامی سیاست کے تحت بلوچستان کے امور پر اپنی آواز ہر فرد تک پہنچا رہے ہیں، سراوان ہاؤس میں ہم خیال ساتھیوں کے مشاورتی اجلاس سے خطاب

کوئٹہ (پ ر) سینئر سیاستدان و سابق سینیٹر نوابزادہ حاجی میر لشکری خان رئیسانی نے مائنز اینڈ منرلز ایکٹ کے تحت ہونے والی الاٹمنٹس کیخلاف عدالت میں ایک اور آئینی درخواست دائر کرنے کا اعلان کرتے ہوئے کہا ہے کہ سیاسی پارٹیوں نے قومی معاملات پر سمجھوتہ کرکے اس سرزمین اور یہاں کے لوگوں کی توہین کی ہے، عوامی سیاست کو منظم کر کے صوبے کے اجتماعی قومی مفاد میں سنجیدگی کیساتھ سیاسی عمل میں آگے بڑھیں گے۔ یہ بات انہوں نے سراوان ہاؤس میں اپنے ہم خیال سینئر ساتھیوں کے مشاورتی اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہی.........

بقیہ 60 صفحہ نمبر 7 پر

، اجلاس میں بلوچستان کے اجتماعی قومی معاملات، سیاسی امور پر طویل مشاورت، مائنز اینڈ منرلز ایکٹ پر سیاسی جماعتوں کی پراسرار خاموشی پر تشویش کا اظہار اور آئندہ کی سیاسی حکمت عملی کے حوالے سے اہم فیصلے کیے گئے جن کا باضابطہ اعلان آئندہ چند روز میں کیا جائیگا، اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے نوابزادہ حاجی میر لشکری خان رئیسانی نے مزید کہا کہ بلوچستان کے اجتماعی معاملات کسی کرشمہ سے ٹھیک نہیں ہوں گے، صوبے کے اجتماعی قومی مفاد میں سنجیدگی کیساتھ جدوجہد کرتے ہوئے سیاسی عمل میں آگے بڑھ رہے ہیں

## محکمہ فشریز پسنی سے ایم ڈی غائب، ساحل غیر محفوظ ہے، مولانا ہدایت الرحمن

ایم ڈی فش ہاربر سال میں صرف 15 دن ڈیوٹی پر موجود رہتے ہیں جس کی شکایت کی لیکن موصوف پر کوئی اثر ہی نہیں پڑا، ایم پی اے

محکمے کے آدھے ملازمین ڈیوٹی پر موجود نہیں لیکن انہیں تنخواہیں مل رہی ہیں اسمبلی فلور پر بھی آواز بلند کروں گا، امیر جماعت اسلامی

گوادر (آن لائن) محکمہ فشریز پسنی کے 170 کے قریب ملازمین میں سے آدھے سے زیادہ اپنی ڈیوٹیوں سے غیر حاضر، ایم پی اے گوادر مولانا ہدایت الرحمان برہم، یہ لوگ کس طرح سے ساحل کی حفاظت کریں گے، سیکرٹری فشریز فوری کارروائی کریں، ایم ڈی فش ہاربر سال میں پندرہ دن بھی ڈیوٹی نہیں کرتے مولانا ہدایت الرحمان کا محکمہ فشریز پسنی کے دورہ کے موقع پر میڈیا سے گفتگو' تفصیلات کے مطابق محکمہ فشریز پسنی کے ایک سو سے زائد ملازمین اپنی ڈیوٹیوں سے غیر حاضر پائے گئے ایم پی اے گوادر مولانا ہدایت الرحمان بلوچ نے جمعہ .........

بقیہ 70 صفحہ نمبر 7 پر

کے روز اچانک محکمہ فشریز پسنی آفس کا دورہ کیا جہاں افسران سمیت محکمہ کے متعدد ملازمین اپنی ڈیوٹیوں سے غیر حاضر تھے اس موقع پر ایم پی اے گوادر مولانا ہدایت الرحمان بلوچ نے سخت برہمی کا اظہار کیا اور میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ میں پسنی کے تمام سرکاری دفاتر کا دورہ کر رہا ہوں افسران سمیت ملازمین کی حاضریاں چیک کر رہا ہوں اور ابھی محکمہ فش ہاربر اتھارٹی کا بھی دورہ کر چکا ہوں اور وہاں ایم ڈی فش ہاربر موجود نہیں اور وہ پورے سال میں 15 دن بھی ڈیوٹی نہیں کرتے اس حوالے میں نے وزیراعلیٰ بلوچستان کو مراسلہ بھی لکھا ہے جس پر وزیراعلیٰ بلوچستان نے نوٹس لے لیا' مولانا ہدایت الرحمان بلوچ نے بتایا کہ محکمہ فشریز بلوچستان پسنی آفس کی صورت حال یہ ہے کہ یہاں تقریبا 170 ملازمین ہیں جس میں آدھے سے زیادہ غیر حاضر ہیں

## پاک فوج نے دشمن کی ہر جارحیت کو ناکام بنایا' جمال رئیسانی

فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کو چیف آف ڈیفنس فورسز کا عہدہ سنبھالنے پر مبارکباد پیش کرتے ہیں: رکن اسمبلی

کوئٹہ (یو این اے) پاکستان پیپلز پارٹی کے رکن قومی اسمبلی جمال خان رئیسانی نے سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس پر اپنے بیان میں کہا ہے کہ فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کو ملک کے پہلے چیف آف ڈیفنس فورسز کا عہدہ سنبھالنے پر دل کی گہرائیوں سے مبارکباد پیش کرتا ہوں۔ ان کی قیادت میں پاک فوج نے دشمن کی ہر جارحیت کو ناکام بنا کر قوم کا سر فخر.........

بقیہ 64 صفحہ نمبر 7 پر

سے بلند کیا انکی تقرری قوم کی امیدوں اور ملکی سلامتی کے تقاضوں کے عین مطابق ہے بلوچستان کے عوام ان کی پیشہ ورانہ قیادت کو خراج تحسین پیش کرتی ہے اور ملکی دفاع، قومی سلامتی اور امن کے قیام کے لئے ان کے وژن کو ایک تاریخی سنگ میل سمجھتے ہیں۔

Century Express Quetta

## بلدیاتی الیکشن کی شفافیت یقینی بنائی جائے، نیشنل پارٹی

عوام کو خدمت گار لوکل قیادت فراہم کرینگے کارکن رابطہ مہم تیز کریں، صوبائی ترجمان

کوئٹہ (پ ر) نیشنل پارٹی کے صوبائی ترجمان کے جاری کردہ بیان میں کہا گیا ہے کہ نیشنل پارٹی کوئٹہ کہ بلدیاتی الیکشن میں عوام کی مدد سے بھرپور کامیابی کے ساتھ سب سے بڑی سیاسی جماعت بن کر سامنے آئے گی کیونکہ نیشنل پارٹی عوام کو ایک قوت اور طاقت کا سرچشمہ سمجھتی ہے اور ووٹ عوام کی سب سے بڑی طاقت ہے جو یقینا شعوری بنیادوں پر عوام نیشنل پارٹی (باقی صفحہ 5 نمبر 55)

کے حق میں استعمال کریں گے انہوں نے کہا کہ حکومت بلدیاتی الیکشن کی شفافیت کو یقینی بنانے کے لیے عملی اقدامات کرے تاکہ عوام کا اعتماد بلدیاتی نظام پر بحال ہو سکے تب جا کر عوام کے حقیقی نمائندے لوکل گورنمنٹ کے بلدیاتی ایوانوں میں پہنچ کر اپنا سیاسی اور سماجی کردار ادا کر سکیں گے۔ صوبائی ترجمان نے کہا کہ نیشنل پارٹی کوئٹہ کے بلدیاتی الیکشن میں عوام کو ایک باشعور ایماندار اور عوامی خدمت گار لوکل قیادت فراہم کرے گی جو ان کے بنیادی حقوق اور مسائل کے حل کیلئے شب و روز میدان عمل میں ہوں گے۔

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 4 Dated: 06 DEC 2025 Page No. 27


## جھل مگسی: 7 افراد اغوا، بازیابی کیلئے پولیس کی ناکہ بندی

جھل مگسی (این این آئی) جھل مگسی سے ... [illegible] ... صفحہ 7 نمبر 42

[illegible]

## سوئی: قبائلی رہنما کے قافلے پر حملہ، فائرنگ سے 2 افراد ہلاک

دو زخمی ہوگئے، ہلاک ہونے والوں میں شہزادہ اور جمال خان شامل، پولیس

[illegible] ... صفحہ 7 نمبر 24

[illegible]

## غیر قانونی طور پر ایران جانے کی کوشش پر 126 افراد گرفتار

[illegible] ... صفحہ 7 نمبر 26

[illegible]

INTEKHAB QUETTA

## خضدار ٹرک سے منشیات برآمد ہونے پر ملزم گرفتار

خضدار (بیورو رپورٹ) ایس ایس پی خضدار ... [illegible] ... 22 کلو ... [illegible] ... گرفتار کر لیا۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 5

Dated: 06 DEC 2025

Page No. 23

# قومی مالیاتی کمیشن، وسائل کی تقسیم اور بلوچستان کا موقف

قومی محاصل کی صوبوں میں تقسیم کا فارمولا طے کرنے کے لئے قومی مالیاتی کمیشن کے اجلاس میں وفاق اور صوبوں نے صوبہ خیبر پختونخوا میں سابق فاٹا کی شمولیت کے بعد این ایف سی میں کے پی کا شیئر بڑھانے پر اتفاق کیا ہے دوسری جانب بلوچستان نے ابتدائی اجلاس کے موقع پر آگاہ کیا ہے کہ صوبے کو امن وامان کی ابتر صورتحال کے پیش نظر ریونیو اور ٹیکس کلیکشن میں دشواری کا سامنا ہے۔ قومی مالیاتی کمیشن کے اجلاس اور اور وسائل کی تقسیم کے حوالے سے گزشتہ کافی عرصے سے مباحث چلے آ رہے ہیں جب بھی این ایف سی ایوارڈ کے مراحل آتے ہیں پہلے سے چلے آ رہے مباحث نئے انداز میں سامنے آنے لگتے ہیں صوبوں کے مطالبات اور اعتراضات سامنے آتے ہیں، جن میں بلوچستان کا موقف خاص اہمیت رکھتا ہے اب گیارہویں این ایف سی کمیشن کا اجلاس منعقد کیا گیا جس میں وفاق اور صوبوں کے نمائندوں نے مختلف مالیاتی امور پر بات چیت کی۔ اس اجلاس میں سندھ اور خیبر پختونخوا نے وفاق کے مختلف مالیاتی فیصلوں کی مخالفت کی، جبکہ بلوچستان نے اپنے مخصوص مسائل کو اجاگر کیا اور یہ ثابت کرنے کی کوشش کی کہ اس کے وسائل میں حصہ مناسب نہیں ہے۔ بلوچستان کی حکومت کا موقف بالکل درست ہے کیونکہ اس صوبے کا قدرتی وسائل میں حصہ بڑا ہے، لیکن ان وسائل سے صوبے کی تقدیر میں کوئی نمایاں تبدیلی نظر نہیں آتی۔ بلوچستان پاکستان کا سب سے بڑا صوبہ ہے، جس میں معدنی وسائل کی کمی نہیں۔ ریکوڈک جیسے دنیا کے بڑے سونے اور تانبے کے ذخائر یہاں موجود ہیں، اور صوبہ قدرتی گیس کی پیداوار میں بھی اہم کردار ادا کرتا ہے۔ اس کے باوجود، بلوچستان کی مالی پوزیشن انتہائی کمزور ہے۔ اس صوبے میں دہشت گردی اور بدامنی کی وجہ سے حکومت کو اپنے وسائل کا ایک بڑا حصہ امن وامان برقرار رکھنے کے لئے خرچ کرنا پڑتا ہے۔ گزشتہ 15 سالوں میں صوبے کے امن وامان پر ہونے والے اخراجات میں زبردست اضافہ ہوا ہے۔ اخباری اطلاعات اور میڈیا رپورٹس کے مطابق بلوچستان کے وزیر خزانہ میر شعیب نوشروانی نے این ایف سی کے اجلاس میں واضح کیا کہ اس وقت امن وامان کی ابتر صورتحال کی وجہ سے بلوچستان کے لئے ریونیو جمع کرنا ایک مشکل کام بن چکا ہے، کیونکہ صوبے کی بیشتر توانائیاں دہشت گردی کے خاتمے اور سماجی استحکام کو یقینی بنانے پر خرچ ہو رہی ہیں۔ اگرچہ بلوچستان اپنے وسائل سے ملکی معیشت کو اہمیت فراہم کرتا ہے، لیکن اس کے حصے میں وہ رقم نہیں آتی جو اس کی قدرتی وسائل اور جغرافیائی اہمیت کے مطابق ہونی چاہئے۔ بلوچستان کا موقف یہ ہے کہ وفاق کو صوبے کو اس کے مسائل کے مطابق مناسب حصہ دینا چاہئے، تاکہ وہ اپنے سماجی واقتصادی ترقیاتی پروگراموں کو بہتر بنا سکے۔ این ایف سی کمیشن کے اجلاس میں بلوچستان نے اس بات پر زور دیا کہ اس کی مخصوص جغرافیائی اور سکیورٹی صورتحال کی وجہ سے اسے اضافی مالی وسائل کی ضرورت ہے۔ بلوچستان حکومت کے مطابق، امن وامان کی صورتحال پر ہونے والے اخراجات پانچ ارب روپے سے بڑھ کر ایک کھرب ارب روپے تک پہنچ چکے ہیں، جو اس بات کی غمازی کرتا ہے کہ صوبہ نہ صرف مالی مشکلات کا شکار ہے، بلکہ دہشت گردی کے اثرات بھی اس کی معیشت پر گہرے اثرات ڈال رہے ہیں۔ بلوچستان کا یہ مطالبہ جائز ہے کہ وفاق کو صوبے کے مالی مسائل اور مخصوص حالات کو مدنظر رکھتے ہوئے اس کے حصے میں اضافہ کرنا چاہئے۔ بلوچستان کے لئے یہ ضروری ہے کہ اسے اپنے قدرتی وسائل کی بدولت وہ حصہ ملے جس سے نہ صرف اس کے امن وامان کی صورتحال بہتر ہو سکے، بلکہ صوبے کی معاشی ترقی بھی ممکن ہو۔ صوبہ سندھ نے بھی اس بات پر زور دیا کہ این ایف سی کمیشن کا اجلاس صرف مالی وسائل کی تقسیم پر مرکوز ہونا چاہئے اور اس پر بات چیت کی جائے۔ سندھ اور خیبر پختونخوا نے بلوچستان کے موقف کی تائید کی اور کہا کہ تمام صوبوں کے مالی مسائل کو انصاف کے ساتھ حل کیا جانا چاہئے۔ خیبر پختونخوا نے خاص طور پر اس بات پر زور دیا کہ ضم شدہ علاقوں کے حصے کا دوبارہ تعین کیا جائے تاکہ ان علاقوں کو قومی وسائل میں مناسب حصہ مل سکے۔ وفاقی حکومت نے این ایف سی کے اجلاس میں یہ کہا کہ وہ صوبوں کے ساتھ شفاف اور بامقصد مکالمہ چاہتی ہے تاکہ مالی بحران سے نکلا جا سکے۔ وزیر خزانہ محمد اورنگزیب نے اس بات کا عندیہ دیا کہ وفاق اپنے مالی خسارے کی وجہ سے صوبوں کے حصے میں کمی کا سوچ رہا ہے، تاہم صوبوں نے اس فیصلے کی مخالفت کی۔ اس حوالے سے وفاقی حکومت نے یہ تجویز بھی پیش کی کہ صوبے اپنی ٹیکس کلیکشن اور ریونیو بڑھائیں تاکہ وفاق کی مالی پریشانیوں کو حل کیا جا سکے۔ لیکن بلوچستان کا موقف یہ ہے کہ وفاق کی مالی حالت اور صوبوں کے حصوں میں کمی کا معاملہ بلوچستان جیسے پسماندہ صوبے کے لئے مزید مشکلات پیدا کرے گا، جو پہلے ہی اپنی مالی وسائل کی کمی اور سکیورٹی کی صورتحال سے نبرد آزما ہے۔ اس لئے بلوچستان کے لئے ضروری ہے کہ اس کے حصے میں مناسب اضافہ کیا جائے تاکہ صوبہ اپنے معاشی مسائل کو حل کر سکے۔ بلوچستان نے این ایف سی کے اجلاس میں یہ پیشکش کی کہ اگر وفاقی حکومت صوبے کو اضافی مالی وسائل دے تو نہ صرف ترقیاتی منصوبوں کی تکمیل جلد سے جلد ہو سکتی ہے بلکہ امن وامان کے قیام کو بھی مزید مستحکم و مضبوط بنایا جا سکتا ہے وفاق کو چاہئے کہ وہ صوبے کے مالی حالات اور ضرورتوں کو سمجھ کر اس کی مدد کرے تاکہ پورے ملک کی ترقی میں بلوچستان کا کردار مزید مضبوط ہو سکے۔ این ایف سی کمیشن کے اجلاس کے بعد جو صورتحال سامنے آئی ہے، اس میں بلوچستان کا موقف اہمیت کا حامل ہے۔ وفاق اور دیگر صوبوں کو اس حقیقت کو تسلیم کرنا چاہئے کہ بلوچستان کی مشکلات کو نظرانداز نہیں کیا جا سکتا۔ اس کے قدرتی وسائل، جغرافیائی اہمیت اور امن وامان کی صورتحال کو مدنظر رکھتے ہوئے وفاقی حکومت کو بلوچستان کو اس کے حصے کا منصفانہ حصہ دینا چاہئے تاکہ صوبہ اپنے وسائل کو بہتر طور پر استعمال کر سکے اور اپنی ترقی کے سفر کو تیز کر سکے۔ اب وقت آ گیا ہے کہ وفاق اور صوبے اپنے اختلافات کو ایک طرف رکھتے ہوئے ایک دوسرے کے مسائل کو سمجھیں اور ایک منصفانہ حل تک پہنچنے کی کوشش کریں بلوچستان کی تعمیر وترقی سے پورے ملک کی تعمیر وترقی جڑی ہوئی ہے امید ہے کہ اب وفاق اور باقی صوبے مل کر بلوچستان میں ایک عرصے سے چلی آ رہی پسماندگی، غربت، مفلوک الحالی کے خاتمے کے لئے فعال متحرک اور اپنا بنیادی کردار احسن طریقے سے ادا کریں گے اور اس بابت مزید کوئی دقیقہ فروگزاشت نہیں کیا جائے گا۔

CLIPPING SERVICE
DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN
نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان
Daily: MEEZAN QUETTA
06 DEC 2025
Bullet No. 5
No. 24

# پوست کی کاشت سنگین جرم!

یہ بات حقیقت پر مبنی ہے کہ منشیات انسان کی زندگی ختم کرنے میں اہم کردار ادا کرتی ہے جو بھی شخص اس ناروا کام میں شامل ہوگا اس کی زندگی کا خاتمہ جلد ہو جائے گا۔ نہ صرف وہ مرے گا بلکہ اس کی فیملی بھی تباہ ہو جائیگی کیونکہ یہ ایک خطرناک ناسور ہے۔ منشیات کے عادی افراد کا معاشرے میں کوئی مقام نہیں ہوتا اس طرح اس کے خاندان کو بھی حقارت کی نظر سے دیکھا جاتا ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ پوری فیملی مشکلات کا شکار ہو جاتی ہے کیونکہ نشے کے عادی افراد کا صرف نشہ کرنے کے علاوہ اور کوئی مقصد نہیں ہوتا اور وہ نشہ کر کے سب کچھ بھول جاتی ہے جو اس کی تباہی کا سبب بنتا ہے۔

گزشتہ روز چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان نے پوست کی کاشت کی روک تھام کے حوالے سے اپنی زیر صدارت منعقد ہونے والے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے واضح کیا کہ پوست کی کاشت ایک سنگین جرم ہے۔ حکومت صوبے میں پوست کی کاشت کو تلف کرنے کے لیے سنجیدہ اقدامات کر رہی ہے۔ صوبائی حکومت نے 3700 ایکڑ سے زائد رقبے پر پوست کی فصلیں تلف کی ہیں جو گزشتہ سال سے کہیں زیادہ ہے۔ پوست کی کاشت پاکستان کے لیے بین الاقوامی سطح پر رکاوٹ پیدا کر سکتی ہے اس کی روک تھام کے لیے مزید جامع اقدامات کرنے کی ضرورت ہے۔ اس لعنت کو جڑ سے اکھاڑنے کے لیے ضلعی انتظامیہ، ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن اور انسداد منشیات فورس کو مزید سخت اور مربوط اقدامات اٹھانے ہوں گے۔ پوست کی کاشت کی روک تھام کے لیے تمام متعلقہ اداروں کے درمیان کوارڈی نیشن نہایت ضروری ہے تاکہ موثر کاروائیاں کی جا سکیں اور کاشت کی روک تھام کو یقینی بنایا جا سکے۔ اس کے ساتھ ساتھ مقامی انتظامیہ، سیکیورٹی ادارے اور سماجی تنظیمیں بھی تعاون کرے تاکہ اس مسئلے کو جڑ سے ختم کیا جا سکے۔ صوبائی حکومت نے صوبے میں پوست کے بیج کی نقل و حمل اور خرید و فروخت پر مکمل پابندی عائد کر دی ہے۔ انہوں نے ہدایت دی کہ عوام پوست کی فصل کی کاشت سے اجتناب کریں۔

ہم سمجھتے ہیں کہ چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان کا پوست جیسے مسئلے کے بارے مذکورہ اجلاس سے خطاب اور اس کی کاشت روکنے کے لیے متعلقہ حکام کو دی جانے والی ہدایات قابل تعریف ہیں کیونکہ یہ بہت ہی اہم مسئلہ ہے پوست کی کاشت کو مکمل طور پر روکنا اشد ضروری ہے کیونکہ یہ ایک ایسا ناسور ہے جو معاشرے میں تباہی مچانے کا سبب بنتا ہے۔ اس لیے اس کی روک تھام ناگزیر ہو چکی ہے۔

اس لیے یہاں ضرورت اس امر کی ہے کہ تمام متعلقہ ادارے پوست کی کاشت کیخلاف جاری مہم میں مزید تیزی لانے کے اقدامات اور آپس میں کوارڈینیشن کریں۔ اس پر کسی بھی قسم کی غفلت اور لاپرواہی کی اجازت نہیں ہونی چاہیے بلکہ اس میں غفلت اور لاپرواہی کرنے والوں کیخلاف سخت کاروائی کرنی چاہیے اور اس پر کسی قسم کا کوئی کمپرومائز نہیں ہونا چاہیے۔ اس عمل میں عوام کو بھی متعلقہ اداروں کے ساتھ بھرپور تعاون کرنا چاہیے۔ خصوصاً زمینداروں کو بھی ایسی فصل کی کاشت نہیں کرنی چاہیے۔ جو انسانیت کی دشمن ہے۔ اس لیے ان کو ایسی فصل کاشت کرنے سے اجتناب کرنا چاہیے جو کہ اس ناسور کے خاتمے میں مددگار رہو گا۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: AZADI QUETTA

Bullet No. 5 Dated 06 DEC 2025 Page No. 25

# این ایف سی ایوارڈ، صوبوں کو جائز فنڈز کی فراہمی وفاق کی ذمہ داری!

11 ویں قومی مالیاتی کمیشن کے افتتاحی اجلاس میں مالیاتی امور کو آگے بڑھانے کے لیے ورکنگ گروپ بنانے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ وزیر خزانہ محمد اورنگزیب کی سربراہی میں قومی مالیاتی کمیشن کا اجلاس ہوا جس میں سندھ اور خیبر پختونخوا کے وزرائے اعلیٰ بطور صوبائی وزیر خزانہ شریک ہوئے جبکہ پنجاب اور بلوچستان کے وزرائے خزانہ اور پرائیویٹ ممبران اجلاس میں موجود تھے۔ اجلاس میں وفاقی وزارت خزانہ اور چاروں صوبوں کی جانب سے بھی اپنی مالی پوزیشن پر بریفنگ دی گئی۔ این ایف سی اجلاس میں 6 سے 7 ورکنگ گروپ بنانے کا فیصلہ کیا گیا ہے جب کہ سابق فاٹا کے معاملے پر بھی الگ ورکنگ گروپ بنایا جائے گا۔ این ایف سی کا اگلا اجلاس 8 یا 15 جنوری کو ہوگا۔ وزیر خزانہ محمد اورنگزیب نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ اجلاس آئینی ذمہ داری اور باہمی تعاون کا اہم موقع ہے، حکومت کا پختہ عزم تھا کہ 11 ویں این ایف سی کا افتتاحی اجلاس کسی تاخیر کے بغیر بلایا جائے۔ پنجاب، خیبر پختونخوا اور سندھ میں آنے والے تباہ کن سیلاب کے باعث اجلاس مؤخر کرنا پڑا، این ایف سی کے حوالے سے قیاس آرائیوں، خدشات کا حل مخلصانہ اور شفاف مکالمہ ہے۔ ہماری پہلی ترجیح ایک دوسرے کی بات سننا ہے۔ وفاقی حکومت یہاں صوبوں کے مؤقف کو سننے کے لیے موجود ہے، امید ہے کہ صوبے بھی ایک دوسرے کے ساتھ تعمیری تعاون کے جذبے سے آگے بڑھیں گے۔ صوبوں کی جانب سے نیشنل فسکل پیکٹ پر دستخط انتہائی قابل قدر ہے، یہ ہمارے مشترکہ عزم اور قومی مفاد میں مل کر کام کرنے کی صلاحیت کا ثبوت ہے، صوبوں کا لازمی سرپلس کے حصول، آئی ایم ایف پروگرام پر عملدرآمد یقینی بنانے پر تعاون قابل تحسین ہے۔ بہرحال این ایف سی ایوارڈ کی رو سے وفاقی حکومت کی جانب سے جمع کیے گئے ٹیکس ریونیو کو ایک طے شدہ فارمولے کے تحت صوبوں میں تقسیم کیا جاتا ہے تاکہ وہ اپنے انتظامی، ترقیاتی، اور عوامی خدمات کے اخراجات پورے کرسکیں۔ این ایف سی ایوارڈ کا بنیادی مقصد مالیاتی وفاقیت کو فروغ دینا اور تمام صوبوں کو ان کے مالی وسائل کے مطابق ترقی کا یکساں موقع فراہم کرنا ہے۔ 2010 کے ساتویں این ایف سی ایوارڈ میں وفاق کا حصہ 42.5 فیصد جبکہ صوبوں کا حصہ بڑھا کر 57.5 فیصد کر دیا گیا ہے۔ اس کے علاوہ ایوارڈ میں محض آبادی کو تقسیم کا واحد معیار بنانے کے بجائے دیگر عناصر جیسے کہ پسماندگی، محصولات کی پیداواری صلاحیت اور علاقوں کا رقبہ بھی شامل کیا گیا۔ این ایف سی ایوارڈ میں صوبوں کو ملنے والی رقم میں کٹوتی اور دیگر اختیارات وفاق کے سپرد کی بازگشت سامنے آئی ہے جو فی الحال محض قیاس آرائی ثابت ہو رہی ہے جس کا واضح ثبوت چاروں صوبوں کی جانب سے اجلاس پر اطمینان کا اظہار کرنا ہے۔ صوبوں نے اپنے مالیاتی پوزیشن سے اجلاس کو آگاہ کیا۔ این ایف سی ایوارڈ میں صوبوں کو ان کے جائز فنڈز کی فراہمی کا ان کا بنیادی حق ہے تاکہ وہ اپنے ترقیاتی منصوبوں سمیت دیگر مالیاتی معاملات کو احسن طریقے سے چلا سکیں اور انہیں مالی مشکلات کا سامنا نہ کرنا پڑے۔ وفاقی حکومت کی جانب سے یہی امید اور توقع ہے کہ صوبوں کو ساتھ لیکر چلے گی، صوبوں کو مالی حوالے سے مزید مستحکم کرے گی جبکہ صوبوں کی یہ ذمہ داری بنتی ہے کہ وفاق کے ساتھ مکمل تعاون اور ہم آہنگی کے ساتھ آگے بڑھیں تاکہ وفاق کو بھی مالی مشکلات کا سامنا نہ ہو۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: QUDRAT QUETTA

No.

Dated: 06 DEC 2025 Page No.


# دہشتگرد دنیا کے کسی بھی ملک میں قانون کی گرفت سے فرار نہ ہو سکیں گے

حکومت بلوچستان نے بیرونِ ملک بیٹھے کالعدم تنظیموں کے سربراہان، اہم کمانڈرز اور 300 سے زائد دہشتگرد عناصر کی گرفتاری کے لیے انٹرپول کے ریڈ نوٹسز کے اجراء اور عالمی عدالتوں میں مقدمات چلانے کا فیصلہ کیا ہے یہ فیصلہ جمعرات کے روز وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی زیرِ صدارت منعقد ہونے والے ایک غیر معمولی اور اہم نوعیت کے اعلیٰ سطح اجلاس میں کیا گیا اجلاس میں حکام نے بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ بیرونِ ملک موجود دہشت گرد رہنماؤں کے مقامی سہولت کاروں سے روابط، کال ریکارڈنگز، مالی معاونت اور دیگر شواہد مکمل طور پر دستاویزی شکل میں موجود ہیں اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ کالعدم بی ایل اے، بی آر اے، بی ایل ایف، یو بی اے، بی آر جی اور لشکر بلوچستان کے سربراہان اور کمانڈرز کے خلاف درج مقدمات کی پراسیکیوشن کو تیز کرتے ہوئے تمام شواہد عالمی معیار کے مطابق ریکارڈ کا حصہ بنائے جائیں وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے ہدایت کی کہ صوبائی حکومت وفاقی وزارت داخلہ اور وزارت خارجہ کے تعاون سے انٹرپول کے ذریعے ریڈ نوٹسز کی کارروائی میں تیزی لائے تاکہ دہشت گرد دنیا کے کسی بھی ملک میں قانون کی گرفت سے فرار نہ ہو سکیں وزیراعلیٰ نے کہا کہ دہشت گردی میں ملوث عناصر کے خلاف کارروائی اب پروانشل ایکشن پلان کی گائیڈ لائنز کے تحت مقامی سہولت کاروں سے لے کر بیرونِ ملک بیٹھے سربراہان تک بھرپور اور فیصلہ کن انداز میں کی جائے گی انہوں نے محکمہ داخلہ بلوچستان کو ہدایت کی کہ ایکشن پلان کے تحت قائم خصوصی سیل کو مزید متحرک کیا جائے اور تمام حساس کیسز کی تحقیقات کے عمل کو تیز کیا جائے اجلاس میں بیرونِ ملک دہشت گرد کمانڈرز اور ان کے مقامی سہولت کاروں کے خلاف فوری، سخت اور بھرپور کریک ڈاؤن کی منظوری دی گئی حکام کی جانب سے پیش کردہ بریفنگ میں واضح کیا گیا کہ دہشت گرد نیٹ ورکس کی فنڈنگ، روابط، تنظیمی ڈھانچے اور عالمی سطح پر سرگرمیوں کے مستند شواہد حکومت کے پاس موجود ہیں جنہیں اب باضابطہ طور پر بین الاقوامی پلیٹ فارمز پر بھی پیش کیا جائے گا وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ بلوچستان کی سرزمین پر خون بہانے والے کسی بھی دہشت گرد کو دنیا کے کسی کونے میں چھپنے نہیں دیں گے۔ دہشت گردی میں ملوث اندرون و بیرون ملک ہر عنصر کے خلاف مؤثر، سخت اور غیر معمولی کارروائی ناگزیر ہو چکی ہے

CLIPPING SERVICE
DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN
نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان
Daily: Balochistan News Quet...
Bullet No. 5
Dated: 06 DEC 2025
Page No. 26

## مسائل اور وسائل کی بحث، این ایف سی اور بلوچستان کی مشکلات

پاکستان میں وفاق اور صوبوں کے درمیان مالی وسائل کی منصفانہ تقسیم کا مسئلہ ہمیشہ پیچیدہ رہا ہے۔ خصوصاً بلوچستان، جو قدرتی وسائل سے مالا مال ہونے کے باوجود مالی مشکلات کا شکار ہے، این ایف سی (نیشنل فنانس کمیشن) کے ایوارڈ کی تقسیم میں اپنے جائز حقوق کا مطالبہ کرتا آیا ہے۔ حالیہ دنوں میں 11ویں این ایف سی کمیشن کے اجلاس کے دوران وفاق اور صوبوں کے درمیان اس مسئلے پر نئی بحث چھڑی ہے۔ بلوچستان کی جانب سے اپنے مالی مسائل اور مشکلات کو اجاگر کرتے ہوئے وفاق سے اپنے حصے میں اضافہ کی درخواست کی گئی ہے۔ بلوچستان بلحاظ رقبہ ملک کا سب سے بڑا صوبہ ہے جو قدرتی وسائل کے لحاظ سے اہمیت رکھتا ہے۔ اس صوبے میں نہ صرف معدنی ذخائر جیسے ریکوڈک، بلکہ قدرتی گیس کے وسیع ذخائر بھی موجود ہیں لیکن اس کے باوجود صوبہ ملک کے دیگر علاقوں کی نسبت اقتصادی طور پر پسماندہ ہے۔ بلوچستان کا ایک اور بڑا مسئلہ صوبے کی سکیورٹی اور امن وامان کی صورتحال ہے۔ ایک خبر کے مطابق بلوچستان حکومت نے این ایف سی ایوارڈ کے ابتدائی اجلاس کے شرکاء کو آگاہ کیا ہے کہ صوبے کو امن و امان کی ابتر صورتحال کے پیش نظر ریونیو اور ٹیکس کلیکشن میں دشواری کا سامنا ہے۔ جمعرات کو وفاقی وزیرخزانہ محمد اورنگزیب کی زیر صدارت ہونے والے این ایف سی ایوارڈ کے ابتدائی اجلاس میں وزیرخزانہ بلوچستان میر شعیب نوشروانی اور ٹیکنیکل ممبر محفوظ علی خان نے شرکت کی۔ اجلاس میں بلوچستان حکومت کی ٹیم نے شرکاء کو گزشتہ 15 سال کے صوبے کے مالی حالات، مسائل، اقدامات کے بارے میں آگاہ کرتے ہوئے بتایا کہ ساتویں این ایف سی ایوارڈ کے وقت صوبے میں امن و امان پر 5ارب روپے خرچ کئے جاتے تھے جو اب 100ارب روپے سے بھی تجاوز کر چکے ہیں۔ بلوچستان حکومت کے وفد نے اجلاس کے شرکاء کو آگاہ کیا کہ بلوچستان میں امن وامان کی ابتر صوتحال کے باعث ریونیو اور ٹیکس کلیکشن میں مشکلات درپیش ہیں صوبے میں امن وامان پر خطیر رقم خرچ ہونے کے باعث سماجی شعبے اور فلاح و بہبود کے لئے قلیل رقم بچتی ہے اجلاس میں طے کیا گیا کہ جنوری تک ورکنگ گروپس قائم کر کے باقاعدہ اجلاسوں کا انعقاد کیا جائے گا تاکہ مزید فیصلے کئے جاسکیں۔ اجلاس میں مالیاتی امور کو آگے بڑھانے کے لئے ورکنگ گروپ تشکیل دینے کا فیصلہ کیا گیا ہے، امکان ہے کہ 7 ورکنگ گروپ تشکیل دیئے جائیں گے وفاقی وزیرخزانہ محمد اورنگزیب نے وزرائے اعلیٰ، صوبائی وزرائے خزانہ، سیکرٹریز اور دیگر ارکان کا اجلاس میں شرکت پر شکریہ ادا کیا اور کہا کہ اجلاس آئینی ذمہ داری اور باہمی تعاون کا اہم موقع ہے، وفاقی حکومت کا واضح اور پختہ عزم تھا کہ گیارہویں این ایف سی کا افتتاحی اجلاس کسی تاخیر کے بغیر بلایا جائے۔ وزیراعظم نے خود اس بات میں گہری دلچسپی لی کہ یہ اجلاس جلد از جلد ہو۔ صوبوں نے بھی اس آئینی ذمہ داری کو بروقت ادا کرنے کا بھرپور ارادہ ظاہر کیا۔ وزیرخزانہ کا کہنا تھا کہ پنجاب، خیبرپختونخوا اور سندھ میں تباہ کن سیلاب کے باعث یہ اجلاس موخر کرنا پڑا اجلاس کے بعد میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے وزیراعلیٰ سندھ مراد علی شاہ نے بتایا کہ یہ ابتدائی اجلاس تھا اس میں صرف وے فارورڈ پر بات ہوئی ہے کہ اگلا اجلاس کب ہونا ہے۔ خیبرپختونخواہ کے مشیر خزانہ مزمل اسلم کا کہنا تھا کہ این ایف سی کا اجلاس خوشگوار ماحول میں ہوا۔ بڑے صوبوں نے چھوٹے صوبوں کی سپورٹ کیا ہے جو خوش آئند ہے۔ فاٹا، پاٹا کو صوبے میں ضم کرنے سے اسکا حصہ این ایف سی کے ذریعے کے پی کے میں شامل کرنے پر بھی سب نے حمایت کی۔ امر واقعی یہ ہے کہ وطن عزیز پاکستان میں این ایف سی کمیشن کا قیام وفاقی حکومت اور صوبوں کے درمیان مالی وسائل کی منصفانہ تقسیم کے لئے کیا گیا تھا ہر پانچ سال بعد این ایف سی کا نیا ایوارڈ مرتب کیا جاتا ہے جس میں صوبوں کو وفاقی محاصل میں سے ان کے حصے کا تعین کیا جاتا ہے۔ گیارہویں این ایف سی کمیشن کے اجلاس میں بلوچستان نے اپنے موقف کو اس طرح پیش کیا کہ وفاقی حکومت کو بلوچستان کی منفرد مشکلات کو سمجھنا چاہئے اور اس کے مالی حصے میں اضافہ کرنا چاہئے۔ بلوچستان کے موقف کا جہاں تک تعلق ہے تو یہ عین مبنی برحقیقت ہے بلوچستان میں غربت کی شرح بھی بہت زیادہ ہے اور وفاقی سطح پر اس صوبے کی اقتصادی ترقی کے لئے مناسب اقدامات نہیں کئے گئے ہیں۔ صوبے کی تعلیم، صحت، اور بنیادی ڈھانچے کی حالت انتہائی ناقص ہے، اور اس کی بڑی وجہ صوبے کی کم مالی معاونت ہے۔ وفاقی حکومت کی جانب سے بلوچستان کو صرف ایک مخصوص حصہ ملتا ہے، جو اس کی معیشت کے لئے ناکافی ثابت ہوتا ہے۔ بلوچستان حکومت کے مطابق، اگر وفاق اس کے حصے میں اضافہ کرے تو وہ اپنے عوام کی فلاح و بہبود کے لئے مزید اقدامات کر سکے گی۔ ایک اہم مسئلہ بلوچستان کی کم ٹیکس کلیکشن بھی ہے۔ یہاں کی سکیورٹی کی صورتحال اور اسٹرکچرل مسائل کی وجہ سے صوبے کی معیشت میں زیادہ ترقی نہیں ہوسکی۔ وفاقی حکومت نے یہ تجویز دی ہے کہ صوبے کو اپنے ٹیکسوں کی وصولی کو بہتر بنانا ہوگا، لیکن بلوچستان کی حکومت کا کہنا ہے کہ اس صوبے کو مزید وسائل کی ضرورت ہے تاکہ وہ اپنی مالی پوزیشن کو مستحکم کر سکے بلوچستان کو اس کے حصے میں اضافہ ملنے سے نہ صرف صوبے کی معیشت بہتر ہوگی، بلکہ پورے پاکستان کی معیشت میں بھی بہتری آئے گی۔ وفاق اور صوبوں کے درمیان تعاون اور مفاہمت کی فضا قائم ہوگی، جو کہ ملک کی ترقی کے لئے از حد ضروری ہے۔

CLIPPING SERVICE
DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN
نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان
Daily: Balochistan Time Quetta
Bullet No. 5
Dated: 06 DEC 2025 Page No. 27

# Action against poppy cultivation

Chief Secretary Balochistan, Shakeel Qadir Khan, has said that poppy cultivation is a serious crime that can create significant international challenges for Pakistan. He emphasized that more comprehensive measures are required to curb this menace. He stated that the provincial government is taking concrete steps to eliminate poppy cultivation in the province. Over 3,700 acres of poppy crops have already been destroyed significantly more than last year. The provincial government has completely banned the transportation, purchase, and sale of poppy seeds across the province. With Afghanistan's ban on opium cultivation, poppy growers and drug traffickers are seeking new, more permissive ground. Balochistan, with its long and porous border, is a vulnerable and logical target for this insidious migration. The unchecked spread of poppy crops is not merely an agricultural issue; it is a direct assault on the province's future, threatening to "poison our youth" and dismantle communities already grappling with backwardness and a lack of opportunities. The consequences of inaction are dire and multifaceted. The influx of cheap, locally-sourced drugs will inevitably lead to a surge in addiction. The number of drug addicts in Balochistan is already on the rise. This menace is particularly dangerous for the province's unemployed youth, who are more susceptible to falling prey to addiction in the absence of viable economic alternatives. A drug crisis would exacerbate existing social problems, place an unbearable strain on the healthcare system, and further destabilize an already volatile region. It would fuel criminal networks and create a vicious cycle of poverty and despair. Addressing this issue requires more than just reactive measures. While poppy crop eradication is essential, it must be part of a broader, more sustainable strategy. The government and concerned authorities must work on multiple fronts. First, border security needs to be significantly enhanced to prevent the flow of traffickers and their illicit trade. Second, there must be a concerted effort to provide farmers with genuine and profitable alternative crops and livelihoods, ensuring they are not forced to turn to poppy cultivation out of desperation. Third, and most critically, comprehensive awareness campaigns and rehabilitation programs must be launched to protect and support the youth, offering them hope and a path away from addiction. The religious scholars' role is also very essential in curbing this evil crop and its business which destroys humanity. The rising poppy cultivation is a clear and present danger, and it is imperative that all stakeholders from federal and provincial governments to law enforcement and civil society unite to confront this threat before it is too late.

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: AZADI QUETTA

Bullet No. 5

Dated: 06 DEC 2025

Page No. 28


## بلوچستان میں زمین کے حصول کے قانون 1984 کا نفاذ، طریقہ کار اور عوامی حقوق

زمین کے حصول کا قانون (Land Act Acquisition) زمین کے حصول کا قانون ایک پرانا مگر نہایت اہم قانون ہے جو حکومت کو یہ اختیار دیتا ہے کہ وہ عوامی مفاد میں نجی ملکیت حاصل کر سکے اگرچہ یہ قانون نوآبادیاتی دور میں بنایا گیا تھا، لیکن آج بھی کئی ترقیاتی منصوبے

**تحریر۔ وحید خان کاکڑ**

جیسے ریلوے، ہسپتال، تعلیمی ادارے، اور انتظامی ڈھانچے اسی قانون کی بنیاد پر نافذ کیے جا رہے ہیں یہی قانون آج بھی پاکستان کے زمین کے نظم و نسق (Governance Land System) کی بنیاد ہے حکومتِ پاکستان نے اپنے اس عزم کا اعادہ کیا ہے کہ بلوچستان کے لورالائی اور دیگر اضلاع میں تمام زمینوں کا حصول زمین کے حصول کے قانون 1894 (Land 1894 Act Acquisition) کے تحت کیا جائے گا، جو نجی زمین کو عوامی مفاد کے لیے منتقل کرنے کے ضابطے واضح کرتا ہے زمین کے حصول کا طریقہ کار اس طرح سے شروع ہوتا ہے کہ حکومت دفعہ 4 (4Section) کے تحت عوام کو مطلع کرتی ہے کہ مخصوص زمین کسی عوامی مقصد کے لیے حاصل کی جا رہی ہے اس کے بعد سرکاری افسران زمین کا سروے اور جائزہ کرتے ہیں تاکہ زمین کی حالت اور قدر و قیمت کا اندازہ لگایا جا سکے شہریوں کو دفعہ 5A (5ASection) کے تحت یہ حق حاصل ہوتا ہے کہ وہ حکومت کے فیصلے کے خلاف اپنی شکایات اور اعتراضات درج کر سکیں زمین کے مالکان کو 30 دن کے اندر تحریری اعتراض جمع کرانے کا موقع دیا جاتا ہے اس کے بعد حکومت کی طرف سے دفعہ 6 (6Section) کے تحت ایک باضابطہ اعلان (Formal Declaration) جاری کیا جاتا ہے، جس میں زمین کے حصول کی تصدیق کی جاتی ہے جب زمین کسی منصوبے کے لیے مختص کر دی جاتی ہے تو سرکاری اہلکار دفعہ 11 (11 Section) کے مطابق معاوضے کا تعین کرتے ہیں یہ معاوضہ زمین کی بازاری قیمت، زمین پر موجود ڈھانچوں کی قیمت، اور مالک کو ہونے والے نقصانات تکلیف کی بنیاد پر طے کیا جاتا ہے۔

**CLIPPING SERVICE**

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: Baakhabar Quetta

Bullet No. 5 Dated: 06 DEC 2025 Page No. 29

# قدرتی وسائل کی سرزمین بلوچستان میں گیس کا بحران

تحریر: محمد ندیم انجم

بلوچستان، جو ملک کو قدرتی گیس مہیا کرتا ہے اور معدنی وسائل فراہم کرتا ہے، آج بھی خود ایک شدید توانائی کے بحران کا شکار ہے۔ سردیوں کی آمد کے ساتھ ہی کوئٹہ سے لے کر صوبے کے دیگر چھوٹے بڑے شہروں تک، گیس کا پریشر غیر معمولی حد تک کم ہو جاتا ہے اور کئی علاقوں میں سپلائی تقریباً معطل ہو جاتی ہے۔ یہ صورتحال صرف ایک تکنیکی یا موسمی مسئلہ نہیں ہے، بلکہ یہ وسائل کی غیر منصفانہ تقسیم اور حکومتی ترجیحات پر ایک سنگین سوالیہ نشان ہے۔

اس بحران کی بنیادی وجہ گیس نیٹ ورک کے انفراسٹرکچر کی دہائیوں پرانی حالت ہے۔ صوبے میں بچھائی گئی گیس پائپ لائنیں آج کی بڑھتی ہوئی آبادی اور سردی کے شدید دباؤ کو برداشت کرنے سے قاصر ہیں۔ چونکہ ان لائنوں کی بروقت اپ گریڈیشن اور مرمت پر توجہ نہیں دی جاتی، اس لیے سپلائی میں خلل اور کم پریشر ایک معمول بن چکا ہے۔ اس کے ساتھ ہی صوبائی سطح پر طلب اور رسد کے انتظام کی ناکامی صورتحال کو مزید ابتر کر دیتی ہے۔

یہ ایک المناک ستم ظریفی ہے کہ بلوچستان، جو سوا لاکھ (134,050) مربع میل رقبے پر پھیلا ہوا ہے اور جہاں کے عوام کا ملک کی توانائی میں سب سے بڑا حصہ ہے، وہیں کے باشندوں کو اپنے گھروں کو گرم رکھنے یا کھانا پکانے کے لیے لکڑی کے غیر محفوظ اور ماحول دشمن ذرائع یا مہنگی ایل پی جی پر انحصار کرنا پڑتا ہے۔ خاص طور پر کوئٹہ، زیارت اور قلات جیسے انتہائی سرد علاقوں میں، جہاں درجہ حرارت نقطہ انجماد سے نیچے گر جاتا ہے، گیس کا کم پریشر زندگی کے لیے خطرہ بن جاتا ہے اور بنیادی انسانی ضروریات متاثر ہوتی ہیں۔

یہ مسئلہ ایک گہرے سماجی اور سیاسی عدم اطمینان کو جنم دیتا ہے۔ جب مقامی آبادی کو یہ احساس ہوتا ہے کہ ان کے اپنے وسائل کا فائدہ پورے ملک کو دیا جا رہا ہے مگر انہیں بنیادی سہولیات سے محروم رکھا جا رہا ہے تو قومی یکجہتی پر سوال اٹھتا ہے۔ حکومت کی یہ آئینی اور اخلاقی ذمہ داری ہے کہ وہ بلوچستان میں گیس کے بحران پر قابو پانے کے لیے عارضی نہیں بلکہ مضبوط پالیسی اپنائے۔ ضروری ہے کہ گیس نیٹ ورک کی فوری طور پر تعمیر نو کی جائے اور یہ یقینی بنایا جائے کہ وسائل کے پیداواری علاقوں کو ترجیحی بنیادوں پر ان کا پورا حق ملے۔ گیس کا مناسب پریشر صرف توانائی کا نہیں، بلکہ وفاقی اعتماد کی بحالی کا بھی ذریعہ ہے۔